رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | پیر | یکم ربیع الثانی | 1448ھ | 14 ستمبر 2026ء | شمارہ 62
فون 2832244-2829384 فیکس 2832255

وزیراعظم اور سعودی ولی عہد کی عرب کے شہروں اور اقتصادی ڈھانچے کو بنیادی نشانہ بنانے کی مذمت

حوثیوں کی حالیہ کارروائیاں علاقائی امن وسلامتی کیلئے خطرہ ہیں، عالمی معیشت اور توانائی کی فراہمی میں مزید خلل کا باعث بن سکتی ہیں، وزیراعظم نے جلد ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا

ہم فیلڈ مارشل اور اسحاق ڈار کے ہمراہ کشیدگی میں کمی لانے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، سعودی ولی عہد نے امن واستحکام کیلئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اتوار کی سہ پہر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس میں سعودی عرب کے شہری اور اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 6 پر)

نواز شریف کی زیر صدارت ن لیگ کا مشاورتی اجلاس نئے صوبوں اور سیاسی صورتحال پر مشاورت

عوامی خواہشات اور قومی مفاد کو سامنے رکھ کر فیصلے کرنے پر اتفاق، پیپلز پارٹی سے رابطے جاری رکھنے کا فیصلہ

اجلاس میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے درمیان سیاسی اختلافات کے خاتمے کے لیے باہمی رابطے جاری رکھنے پر بھی اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں نواز شریف کی زیر صدارت مسلم لیگ (ن) کا مشاورتی اجلاس ہوا، جس میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سمیت مرکزی رہنماؤں نے شرکت کی، ذرائع کے مطابق اجلاس میں ملک کی مجموعی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 6 پر)

ایران کے ساتھ جنگ مڈٹرم انتخابات کے بعد ختم ہوجائے گی، ٹرمپ کا دعویٰ

امریکا میں دنیا کی سب سے کم شرح سود ہونی چاہیے اور امریکی معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جاری جنگ مڈٹرم انتخابات کے بعد ختم ہوجائے گی، ایسا کوئی معاہدہ قبول نہیں (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

رہبر اعلیٰ زندہ ہیں، دشمن ان کا سراغ لگانے میں ناکام ہوچکا، مسعود پزشکیان

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

بھارتی میڈیا کی ایک اور بھونڈی کوشش ناکام ملائیشین وزیراعظم کا پاکستان کو دہشتگردی سے جوڑنے سے انکار

بھارت کے دورے پر آئے ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کی مذمت کی

انور ابراہیم نے فلسطین پر اسرائیلی قبضے کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں مسلسل جاری اسرائیلی جملے اسرائیل کی ریاستی دہشتگردی ہے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے گودی میڈیا کی ملائیشیا کے وزیراعظم کے انٹرویو کے دوران پاکستان کو دہشت گردی سے جوڑنے کی ایک اور بھونڈی کوشش ناکام ہوگئی۔ ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے پاکستان کو دہشت گردی سے جوڑنے سے یکسر انکار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ملائیشیا کی سیکیورٹی ایجنسیوں نے نہیں بتایا کہ پاکستان کی ریاست دہشت گردی سے منسلک ہے۔ برکس سربراہی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی

آئی ایم ایف جائزہ مذاکرات، پاکستان کو نئے اہداف اور شرائط سے آگاہ کیے جانے کا امکان

اسلام آباد/نیویارک (این این آئی) آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی جبکہ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق امکان ہے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 6 پر)

بانگ کانگ: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان بانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کے وفد سے ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم کا عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس موٹر سائیکل و رکشے اور چھوٹی گاڑیوں کیلئے پیٹرول 100 روپے فی لیٹر کا اعلان

موٹر سائیکل، رکشہ، چنگ چی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑینگے، شہباز شریف

اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کردیا جائیگا، پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا، اعلامیہ جاری

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی اور اسکے باعث عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایک خصوصی ریلیف سکیم کا اجراء کردیا ہے جس کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا، اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کردیا جائیگا، پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کیلئے خصوصی سکیم کا آغاز کیا جارہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

پاکستان، بنگلہ دیش تعلقات میں مثبت پیش رفت، تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستانی ہائی کمشنر عمران حیدر نے بنگلہ دیشی صدر میرزا الخر الاسلام (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

بلوچستان، ریاست مخالف بیانیے کے 16 ہزار 367 سائٹس بند

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ داخلہ نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر جاری ریاست مخالف بیانیے کے خلاف اقدامات کرتے ہوئے 16 ہزار 367 سائٹس بند کردی۔ سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

ہم نے اس جنگ میں بہت بھاری قیمت چکائی ہے سلامتی کونسل دہشت گردی کے خلاف نظام سے متعلق موجودہ خیالات دور کرے پاکستان

القاعدہ کیخلاف سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشتگردی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں، عاصم افتخار

مستقل مندوب نے سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داری اٹھائے، اس بات کو یقینی بنائے کہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف نئے، جامع اور دور اندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے اپنے انسداد دہشت گردی کے ڈھانچے کو مضبوط بنائے اور پابندیوں کے موجودہ نظام میں پائی جانے والی خامیوں کو دور کرے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے دہشت گردی کی کارروائیوں سے بین الاقوامی امن اور سکیورٹی کو لاحق خطرات نائن الیون کے 25 سال بعد۔ دہشت گردی کے خلاف سلامتی کونسل کی لڑائی کی تجدید کے موضوع پر سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے سات پاکستانیوں سمیت نائن الیون کے دہشت گرد حملوں کا نشانہ بننے والوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امریکی حکومت (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

بلوچستان، ریاست مخالف بیانیے پر 100 سرکاری ملازمین برطرف 95 یونیورسٹی اساتذہ سمیت 367 سائٹس بند

سرکاری مراعات حاصل کرنے کے باوجود پاکستان کے خلاف زہر اگلنے کا سلسلہ برداشت نہیں کیا جائے گا، بیان

برطرف سرکاری ملازمین پاکستان مخالف بیانیہ چلا رہے تھے اور انہوں نے سرکاری حلف کی خلاف ورزی کی، معاون محکمہ داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے ریاست مخالف بیانیہ چلانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 100 سرکاری ملازمین کو ملازمتوں سے برطرف کردیا، برطرف ہونے والوں میں 95 یونیورسٹی اساتذہ بھی شامل ہیں۔ معاون محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی کے مطابق برطرف سرکاری ملازمین پاکستان مخالف بیانیہ چلا رہے تھے اور انہوں نے سرکاری

بلوچستان کے سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی

مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی تنظیم یا گروپ کو تقریب کی اجازت نہیں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے تمام سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ کوئٹہ سے جاری احکامات کے مطابق تمام سرکاری بوائز، گرلز، پوسٹ گریجویٹ، ڈگری اور انٹر کالجز میں پابندی ہوگی، مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی تنظیم یا گروپ کو تقریب منعقد کرنیکی اجازت نہیں ہوگی، تمام کالجز کے پرنسپلز کو احکامات پر سختی سے (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، یہ مارچ کرتے نظر نہیں آرہے، شیر افضل مروت

بات چیت چل رہی ہے مارچ کینسل کیا جائے تو بشریٰ بی بی کو ریلیف دیا جاسکتا ہے، گفتگو پر بھی کچھ نہیں کیا، سہیل آفریدی نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کچھ نہیں کیا۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ میرے فنڈز منجمد کئے گئے، میرے پاس آئینی اور قانونی جواز ہیں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، یہ مارچ کرتے نظر نہیں آرہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں نے زندگی میں کسی کے کہنے

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے

مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan

URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk
وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

پہلا مرحلہ رجسٹریشن کا طریقہ کار

REG <CNIC> <Plate No> <Province Code> <Registration Date>

- اپنے موبائل کے میسج میں رجسٹر REG لکھ کر (space) دیں
- اپنا شناختی کارڈ نمبر لکھ کر (space) دیں
- گاڑی کا رجسٹریشن نمبر لکھیں (space) دیں
- صوبہ: صوبے کے نام کا پہلا حرف لکھ کر (space) دیں
- رجسٹریشن کی تاریخ: DDMMYYYY لکھ کر

صوبے کے نام کا پہلا حرف	
Islamabad	I
AJK	A
GB	G
Sindh	S
Punjab	P
KPK	K
Balochistan	B

9771 پر بھیج دیں۔

رجسٹریشن مکمل ہونے پر تصدیقی میسج موصول ہوگا۔

دوسرا مرحلہ ٹوکن لینے کا طریقہ

رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے

TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔

موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

تیسرا مرحلہ رعایتی پٹرول کا حصول

ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے

جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2011 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 20 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔

800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2006 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 30 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔

ملک بھر میں رجسٹریشن کا آغاز کردیا گیا ہے

- اسلام آباد کے صارفین 14 اور 15 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کرسکیں گے۔
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جاسکے گا۔

PID(i)2460-D/26

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

انچارج شعاع

کھیلوں کی دنیا

محمد عباس نے وسیم اکرم کا 27 برس پرانا ریکارڈ برابر کردیا

عباس نے 10 ون ڈے کرکٹ برائے 81 رنز کی شراکت قائم کی اور ہم کو بھولی اسکور 449 رنز تک پہنچایا

لاہور (آن لائن) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر محمد عباس نے نیشنل ٹی 20 کپ کے فائنل میں اترنے سے 27 برس پرانا ریکارڈ برابر کردیا۔ 36 سالہ محمد عباس نے 2009ء میں ڈیبیو کیا تھا، اس کے بعد سے وہ کبھی ٹیم کا حصہ نہیں بن سکے۔ 1999ء میں وسیم اکرم نے سری لنکا کے خلاف انجام دیا تھا، اس کے ساتھ ہی وہ ون ڈے کرکٹ میں 9 وکٹیں لینے والے پہلے پاکستانی کھلاڑی بن گئے ہیں۔

رنز تک پہنچایا۔ میچ 3.3 اوورز کی بارش کے باعث 121 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اترنے والی انگلش ٹیم کے ابتدائی 2 بیٹرز کو پہلے ہی اوورز میں آؤٹ کیا۔ اس کے بعد کپتان محمد رضوان نے 130 رنز کی وہ اننگز کھیلی جس کی بدولت ان کی ٹیم 2 وکٹ کے نقصان پر 16.3 اوورز میں ہدف حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی۔

انگلستان کے ایک اہم اوپنر ڈیوڈ بین 130 رنز بنا کر ٹیم کی سب سے بڑی اسکور بنے، ان کی اننگز میں 3 چھکے اور 15 چوکے شامل تھے۔ ان کے علاوہ کوئی بھی بیٹر 30 رنز کا ہندسہ عبور نہ کرسکا۔ پاکستان کی جانب سے محمد عباس نے 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ حارث رؤف اور ابرار احمد نے 2، 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

سلطان پوڈ کاسٹ کھیل کھلونوں اور پاکستان کے باصلاحیت کھلاڑیوں کی آواز بن گئی

اسلام آباد (این این آئی) سلطان پوڈ کاسٹ مختلف کھیل، کھلونوں اور پاکستان کے باصلاحیت کھلاڑیوں کی آواز بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں کھیلوں کی دنیا میں کرکٹ، فٹبال، ہاکی یا بالنگ تک محدود نہیں بلکہ گھڑ سواری، نیزہ بازی، ٹینٹ پیگنگ، آف روڈ ریسنگ، پانگ، پاؤں بال بلڈنگ اور دیگر کئی ہماری قدیم تاریخ اور ثقافت ہے جڑے ہیں، انہی مختلف کھیلوں کو اجاگر کرنے کے لیے سلطان پوڈ کاسٹ ایک خصوصی پلیٹ فارم کے طور پر سامنے آیا ہے، جہاں مختلف کھیلوں سے وابستہ نامور شخصیات، کھلاڑیوں، ماہرین اور شائقین سے گفتگو کی جاتی ہے۔ سلطان پوڈ کاسٹ میں معروف نیزہ باز اور گھڑ سواروں کے ساتھ پاکستان کے آف روڈ ریسر، کرکٹر، فٹبالرز، ہاکی پلیئرز، پاکسر اور باڈی بلڈرز سمیت مختلف شعبہ ہائے کھیل کی شخصیات کو بھی مدعو کیا جاتا ہے۔

انگلش پریمیئر لیگ، آرسنل کی مسلسل چوتھی فتح، سٹنڈ رلینڈ کو 2-0 سے ہرادیا

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ کی دفاعی چیمپئن آرسنل کی ٹیم نے اپنے چوتھے میچ میں مسلسل چوتھی فتح حاصل کرلی، ہفتہ کو کھیلے گئے میچ میں سٹنڈ رلینڈ کو ہرا دیا۔ آرسنل کی مسلسل چوتھی فتح ہے سات کے مقابلے انگلش پریمیئر لیگ میں اپنی دوسری جیت حاصل کرپایا ہے۔ ایک گول کے کارنر کک پر اپنی ٹیم کی اور گیبریل جیسس نے دوسرا گول کیا۔ اسی طرح ٹوٹنہم ہاٹ سپر نے بھی 3 میچوں کی مسلسل فتح حاصل کی۔ ٹوٹنہم ہاٹ سپر نے ایورٹن کو 3-0 سے ہرایا۔ ٹوٹنہم کی جانب سے رائن سیسکو نے 56 ویں منٹ میں ولیدہ رائے سے پنالٹی اسٹروک پر گول کرکے اپنی ٹیم کو 2-0 سے آگے کردیا۔ ٹوٹنہم کی پنالٹی ہٹاری۔ ٹوٹنہم کی پانچویں کامیابی تھی۔ ٹوٹنہم کی ٹیم 15 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل میں دوسرے نمبر پر موجود ہے۔

ملک میں ریباتی سطح پر ٹرف بال کی ترقی کے لئے ٹیلنٹ کی ابھارنے کی ضرورت ہے، ندیم سرور

ہنگامی والا (این این آئی) معروف باڈی بلڈر ندیم سرور نے کہا ہے کہ ملک میں ریباتی سطح پر ٹرف بال کی ترقی کے لئے ٹیلنٹ کی ابھارنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ٹرف بال کپ گراؤنڈ ہنگامی والا فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریباتی علاقوں میں ٹرف بال کے کھیل کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس ٹیلنٹ کو ابھارنے اور تراشنے کے لئے ٹرف بال کے کھیل کو بھی ریباتی سطح پر سپانسرز کی ضرورت ہے۔ کوئی بھی کھیل تھوڑی اور سپانسرز کی سرپرستی کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا اور سپانسرز کو دوسرے کرکٹ کے طرح دوسرے کھیلوں پر بھی توجہ دینی چاہیے تاکہ ملک میں دوسرے کھیل بھی ترقی کرسکیں۔ ایک سوال کے جواب میں ندیم سرور نے کہا کہ آج کے کئی دہائیوں قبل حکومت نے یہ کھیل کو فروغ دینے کے مقابلوں کا انعقاد کروائی تھی جس سے دیہاتی سطح پر کھیلوں میں بہت ٹیلنٹ سامنے آتا تھا لیکن پتہ نہ کہ بعد میں یہ مقابلے منعقد کرانے سے کیوں روک دیے گئے۔

میچ کے دوران فٹبالر اچانک گر گیا، میدان میں خاموشی چھا گئی

22 سالہ ڈینش کھلاڑی کوٹھی جمعے کی صبح سات منٹ تک امداد دی گئی

کوپن ہیگن (این این آئی) ڈنمارک کے فٹبالر کرسٹین ایرکسن میچ کے دوران اچانک گر گئے، میدان میں خاموشی چھا گئی، جس کے بعد انہیں اسٹریچر پر سرگ کے راستے میدان سے باہر لے جایا گیا۔ ڈنمارک ڈرلی کیم کی جانب سے کھیل رہا تھا، ڈنمارک کی ٹیم کا میچ فن لینڈ سے ہو رہا تھا۔ اس سے قبل انہوں نے گزشتہ ہفتے ویمبلے میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ کو 3-0 کی شکست دی تھی۔ ڈنمارک کی ٹیم کا اگلا میچ 5 ستمبر کو ہنگری کے خلاف ہوگا۔ ڈنمارک کی ٹیم 3 میچوں کے بعد 3 پوائنٹس حاصل کرکے گروپ ای میں پہلی پوزیشن پر موجود ہے۔ ڈنمارک کی ٹیم نے 2 میچ جیتے ہیں اور ایک میچ برابر رہا ہے۔ ڈنمارک کی ٹیم نے 2 میچوں میں 5 گول کیے ہیں اور ایک گول کھایا ہے۔ ڈنمارک کی ٹیم نے 2 میچوں میں 5 گول کیے ہیں اور ایک گول کھایا ہے۔

پاکستان ٹیم کی ٹیسٹ ریٹنگ مزید کم ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی ٹیسٹ ریٹنگ مزید کم ہوگئی۔ درجہ بندی، انگلینڈ نے شکست کے بعد ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں پاکستان ٹیم آخری نمبر پر ہے۔ انگلینڈ کے مطابق ڈیلیوٹی سی میں 3 آسٹریلیا کا پہلا اور جنوبی افریقہ کا دوسرا نمبر ہے، ٹیسٹ ٹیم ریٹنگ میں نیوزی لینڈ تیسرے، بھارت چوتھے اور انگلینڈ پانچویں نمبر پر ہے، بنگلادیش کی ٹیم چھٹے، سری لنکا کی 7ویں نمبر پر ویسٹ انڈیز کی ٹیم آٹھ پر ہے ترقی کے بعد 8ویں نمبر پر آگئی ہے۔ واضح رہے کہ انگلینڈ نے پاکستان کو ٹیسٹ سیریز میں 8 کوششوں کے شکست دی تھی، 130 رنز کا وقف انگلینڈ نے 2 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا تھا۔

مینز جونیئر ایشیا کپ 2026 پاکستان ہاکی ٹیم کے ملائیشیا کو شکست دیکر کانسی کا تمغہ حاصل کرلیا

پاکستان جونیئر ٹیم نے بہترین حکمت عملی اور شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے میچ میں زبردست واپسی کی

ہاکی فیڈریشن کے صدر ذکی الدین احمد وانی نے قومی جونیئر ٹیم اور آفیشلز کو اس فتح اور برونز میڈل حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے

ہزارہ پبلک اسکول کے زیر اہتمام آل بلوچستان یوم دفاع پاکستان اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ اختتام پر مہمان خصوصی انسپکٹر الطاف حسین فروز نرگلائیوں کو ٹرافیاں دے رہے ہیں

نیشنل چیمپئن ایتھلیٹ فائقہ ریاض حکومتی سرپرستی سے محروم

ایتھلیٹس گیمز میں مکمل اخراجات برداشت کریں گی، پاکستان اولمپک ایسوسی اخراجات برداشت کرے گی

کراچی (این این آئی) نیشنل چیمپئن ایتھلیٹ اسپرنٹر فائقہ ریاض ایتھلیٹس گیمز میں مکمل اخراجات برداشت کرنے اور ایتھلیٹس کی فہرست میں شامل نہیں ہونگیں جس پر آج کی ایتھلیٹس گیمز کی پریس کانفرنس میں شرکت نہ کرسکیں۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے فائقہ ریاض کے اوپٹ میں شرکت کے اخراجات برداشت کرنے کے فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایتھلیٹس گیمز کے لیے ایتھلیٹس کے اخراجات اٹھانے کا بھی اعلان نہیں ہے، فائقہ ریاض کو پاکستان ایتھلیٹس گیمز میں ان میں قومی چیمپئن فائقہ ریاض کا نام شامل نہیں ہے۔ فائقہ ریاض کو پاکستان سپورٹس بورڈ نے تنخواہ پر رکھا ہوا ہے، پاکستان سپورٹس بورڈ کی جانب سے ایتھلیٹس گیمز کے لیے فائقہ ریاض کا نام نہیں بھیجا گیا جس کی وجہ سے فائقہ ریاض کا نام ایتھلیٹس گیمز کی فہرست میں شامل نہ ہوسکیں۔ قومی چیمپئن فائقہ ریاض کا نام شامل نہیں ہے، ذرائع کے مطابق ایتھلیٹس گیمز کے اخراجات پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے توسط سے شرکت کرنے والے کھلاڑیوں اور ایتھلیٹس کے لیے فائقہ ریاض کا نام نہ بھیجنا کیا جس کی وجہ سے فائقہ ریاض کا نام ایتھلیٹس گیمز کی فہرست میں شامل نہ ہوسکیں۔ قومی چیمپئن ایتھلیٹ فائقہ ریاض نے ایتھلیٹس گیمز کے اخراجات کی ذمہ داری پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن پر عائد کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق فائقہ ریاض کو پاکستان سپورٹس بورڈ کی جانب سے ایتھلیٹس گیمز کے لیے فہرست میں شامل نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے توسط سے شرکت کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق فائقہ ریاض کا نام پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے توسط سے ایتھلیٹس گیمز کے لیے بھیجا گیا ہے۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے اخراجات برداشت کرنے کے فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایتھلیٹس گیمز کے لیے ایتھلیٹس کے اخراجات اٹھانے کا بھی اعلان نہیں ہے، ان میں قومی چیمپئن فائقہ ریاض کا نام شامل نہیں ہے۔ فائقہ ریاض کو پاکستان سپورٹس بورڈ نے تنخواہ پر رکھا ہوا ہے، پاکستان سپورٹس بورڈ کی جانب سے ایتھلیٹس گیمز کے لیے فائقہ ریاض کا نام نہیں بھیجا گیا جس کی وجہ سے فائقہ ریاض کا نام ایتھلیٹس گیمز کی فہرست میں شامل نہ ہوسکیں۔ قومی چیمپئن ایتھلیٹ

روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ

نائن الیون حملے کے 25 سال مکمل، افغانستان میں القاعدہ دوبارہ منظم، 8 اڈے قائم

داعش کے علاقائی دھڑے داعش خراسان نے بھی تربیتی مراکز قائم کیے ہیں، افغانستان میں القاعدہ اور داعش خراسان کی سرگرمیوں کی اطلاعات نے نائن الیون کے بعد کے دور کی یادیں تازہ کردی، رپورٹ

نئی دہلی، میرواعظ عمر فاروق کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات

نئی دہلی (این این آئی) حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میرواعظ عمر فاروق نے نئی دہلی میں ایران کے صدر (بقیہ نمبر3 صفحہ 6پر)

سعودی عرب پر ڈرون حملے، عراقی وزیراعظم نے اعلیٰ فوجی کمانڈر کو برطرف کردیا

برطرف کیے گئے کمانڈر جنوبی عراق کے صوبے میسان میں فوجی کارروائیوں کی سربراہی کررہے تھے، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب پر ڈرون حملے کے واقعے کے بعد عراقی وزیراعظم علی فالح الزیدی نے اعلیٰ فوجی کمانڈر کو برطرف کردیا، نیا فوجی (بقیہ نمبر4 صفحہ 6پر)

واشنگٹن (این این آئی) نائن الیون حملوں کے 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر امریکی انٹیلی جنس رپورٹ کے مطابق طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ اور اس سے وابستہ گروہوں تشکیل کا مرکز بن گیا ہے۔ امریکی انٹیلی جنس ایک سال بعد افغانستان ایک بار پھر عالمی دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں کے حوالے سے بین الاقوامی ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب کی بحریہ کے نائب سیاسی کمانڈر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے کو مسترد کردیا ہے کہ امریکا آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے 35 سال بعد افغانستان ایک بار پھر عالمی دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں کے حوالے سے بین الاقوامی

ایرانی پیاران سعد کی امریکی جنگی جہاز کو آبنائے ہرمز سے دور رہنے کی وارننگ

امریکی بحری جہازوں نے اگر اس علاقے کی جانب پیش قدمی کی تو ایرانی فورسز کی جانب سے جواب دیا جائے گا، ایران آبنائے ہرمز کے معاملے میں اپنی دفاعی پوزیشن برقرار رکھے ہوئے ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے امریکی جنگی جہازوں کو آبنائے ہرمز کے قریب آنے سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی بحری جہازوں نے اگر اس علاقے کی جانب پیش قدمی کی تو ایرانی فورسز کی جانب سے جواب دیا جائے گا، ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب کی بحریہ کے نائب سیاسی کمانڈر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے کو مسترد کردیا ہے کہ امریکا آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے 35 سال بعد افغانستان ایک بار پھر عالمی دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں کے حوالے سے بین الاقوامی (بقیہ نمبر3 صفحہ 6پر)

لورالائی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع انسداد پولیو مہم، ٹیموں کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایرانی عوام ہتھیار نہیں ڈالیں گے، صدر پزشکیان

اسرائیل امریکا ہمیں دھمکانا اور دباؤ میں لانا چاہتے ہیں، ہم دباؤ قبول نہیں کرنا چاہتے، خطاب

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایرانی عوام ہتھیار نہیں ڈالیں گے، ایران بیک وقت اسرائیل، امریکا کے خلاف کامیابی سے کھڑا ہونے میں کامیاب رہا ہے۔ فیض کی خبررساں ادارے کے مطابق نئی دہلی میں مذہبی رہنماؤں، دانشوروں، کاروباری افراد سے خطاب میں ایرانی صدر نے کہا کہ اسرائیل امریکا ہمیں دھمکانا اور دباؤ میں لانا چاہتے ہیں، ہم دباؤ قبول نہیں کرنا چاہتے، ایرانی صدر نے کہا کہ ہم بھی ان کے سامنے کھڑے ہونے لگیں گے، اگر وہ ہمیں دھمکیاں دے گا تو ہم بھی جواب دیں گے، مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایک بچے نے ہمیں اسکول کے 168 بچوں کو شہید کرنے پر اپنے ہمیں دہشت گرد کہتے ہیں؟ آپ کیا جواب دیں گے؟ (بقیہ نمبر22 صفحہ 6پر)

جنوبی لبنان میں فورسز کی تعیناتی کا کوئی ارادہ نہیں، یورپی ذرائع

یورپی یونین کے نزدیک ترجیح لبنانی ریاستی اداروں کی حمایت کرنا ہے، کنشلو

بیروت (این این آئی) یورپی یونین کے ذرائع نے کہا ہے کہ جنوبی لبنان میں فورسز کی تعیناتی کا کوئی ارادہ نہیں، یورپی یونین کے نزدیک ترجیح لبنانی ریاستی اداروں کی حمایت کرنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لبنان کے جنوبی علاقوں میں کشیدگی پر تبادلہ خیال کیلئے یورپی شراکت داروں اور مغربی دارالحکومتوں کے سفارتی مشاورت کی جارہی ہے اس سلسلے میں جنوبی لبنان کے بعض سیکورٹی ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ کشیدگی کے ذمہ داروں کی نشاندہی کی کوششوں کے دائرہ کار میں علاقوں میں یورپی فورسز کی تعیناتی کی (بقیہ نمبر23 صفحہ 6پر)

روواں سال اگست دنیا بھر میں ریکارڈ کا گرم ترین ماہ رہا، عالمی موسمیاتی تنظیم

شدید گرمی کی لہر سے متاثرہ علاقوں میں کشیدگی بڑھنے کا خدشہ ہے، اقوام متحدہ

جنیوا (این این آئی) عالمی موسمیاتی تنظیم (ڈبلیو ایم او) نے بتایا ہے کہ رواں سال اگست دنیا بھر میں ریکارڈ کا گرم ترین ماہ رہا، جس کے اثرات دنیا بھر میں محسوس کیے گئے (بقیہ نمبر24 صفحہ 6پر)

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکا کو 7 شرائط پیش کردیں

عمان کے ساتھ پیر کو طے پانیوالے معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کھولی نہیں جائے گی، غیر ملکی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکا کو سات شرائط پیش کردیں۔ فیض کی خبررساں ادارے کے مطابق ایران نے عمان کے ساتھ طے پانیوالے معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کو کھلے پانیوں کے ذریعے امریکا کو سات شرائط پیش کی ہیں، ان شرائط کی تفصیل ظاہر (بقیہ نمبر26 صفحہ 6پر)

فطری سعودی تیل پائپ لائن پر حملے کی شدید مذمت

دوحہ (این این آئی) قطر نے سعودی عرب کی مشرقی تیل پائپ لائن پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشیدگی اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانا قابل مذمت اقدام ہے۔ قطری وزارت خارجہ کے مطابق ایسے حملے بین الاقوامی قانون کی واضح خلاف ورزی اور (بقیہ نمبر25 صفحہ 6پر)

یمن، حوثیوں کا باب المندب کے اسٹریٹجک جزیرہ میون پر کنٹرول

سرکاری فورسز باب المندب میں واقع جزیرے سے نکل گئی ہیں، حکومتی ذرائع

صنعا (این این آئی) یمن کے حوثیوں نے باب المندب میں واقع اسٹریٹجک اہمیت کے حامل جزیرے میون پر کنٹرول حاصل کرلیا، اس کا مقصد عالمی شپنگ پر اپنی اجارہ داری کو مضبوط کرنا ہے۔ یمنی سرکاری ذرائع کا کہنا تھا کہ سرکاری فورسز باب المندب میں واقع جزیرے سے نکل گئی ہیں۔ حوثیوں نے بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع مرکزی علاقے کشر و باب پر بھی قبضہ کرلیا۔ اطلاعات کے مطابق حوثیوں نے پہلے سے اعلان کیا تھا کہ وہ فضائیہ شروع کردی ہے۔ شہری تنصیبات کو نشانہ بنانے سے گریز کریں۔

جرمنی نے یورپ میں جماس تنظیم سے مربوط اسلحہ ڈپو کو بے نقاب کردیا

ایسے درگ جرمنی اور آسٹریا میں ممکنہ حملوں کی تیاری کے لیے تھیلوں اور کنٹینروں کی فراہمی اور ان کے ذخیرہ اندوزی کا کام کررہا تھا، انتظامیہ

جرمنی اور آسٹریا میں ممکنہ حملوں کی تیاری کے لیے ہتھیاروں کی فراہمی اور ان کے ذخیرہ اندوزی کے کام کررہا تھا، انتظامیہ نے بتایا کہ حوثیوں کی پشت پناہی کرنیوالے ایران کے انقلابی گارڈ کور کی ایک خفیہ ایجنسی حماس سے متعلق اسلحہ کی سپلائی کررہی تھی، ایک خطرہ پیدا کرنے والے خطرناک پرتشدد اقدام کی منصوبہ بندی کے شبہے میں برلن میں سات افراد پر فرد جرم عائد کی ہے۔ تفتیش کاروں کے مطابق یہ مقدمہ ایک ایسے نیٹ ورک کو پردہ فاش کرتا ہے جو (بقیہ نمبر25 صفحہ 6پر)

امریکا نے آبنائے ہرمز میں فیکٹر کیلئے فضائی دفاع کے اوقات محدود کردیے، برطانوی اخبار

فیصلہ ایران کے آمنے سامنے بحری جہازوں پر حملوں کے بعد کیا گیا ہے، رپورٹ

لندن (این این آئی) امریکا نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار بحری جہازوں کو مخصوص اوقات میں سفر کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ان کے لیے فضائی دفاع کے اوقات محدود کردیے ہیں۔ برطانوی اخبار کے مطابق فیصلہ ایران کی جانب سے بحری جہازوں پر حملوں کے بعد کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکا آئی گزنگاہ سے جنوبی حصے سے گزرنے والے جہازوں کو رات کو ہر فضائی تحفظ فراہم کرتا تھا تاہم وہاں ماہ کے آغاز سے امریکی جنگی طیارے رابطہ مرکز کے ذریعے فضائی دفاع کے لیے 2 مخصوص اوقات مقرر کیے ہیں۔ مذکورہ (بقیہ نمبر19 صفحہ 6پر)

فیضان اولیاء روحانی کلینک

کوئٹہ: ہلسٹ وجماعت کے رہنما ذوالفقار علی خان سے حافظ یوسف مسکانزئی روحانی کلینک میں ملاقات کررہے ہیں

حوثیوں نے گائیڈڈ ہتھیار تیار کرنے کیلئے کاڈ کا استعمال کیا، برطانوی اخبار

خلیج یمن میں موجود برگیڈ کروزر بلقار جنگی تنظیم نے سلسلہ تباہ، جو اس علاقے کے ایک برس سے زیادہ عرصے میں پہلا حملہ ہے

لندن (این این آئی) مصنوعی ذہانت پر تحقیق کرنیوالی تنظیم کاڈ نے انکشاف کیا ہے کہ یمن میں حوثی باغیوں نے اسے اپنی کاڈ بارنر بنیادی صنعت بندی کاڈ ٹیکنالوجی اور کنٹرول سے متعلق سافٹ ویئر تیار کرنے کی کوششوں میں استعمال کیا، اس کا مقصد گائیڈڈ ڈرانوں اور بیلسٹک و بالہ سوسک میزائلوں کی تیاری تھا۔ این تھرو ٹیک کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق حوثی باغیوں نے ڈرانوں کو زیادہ درست بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت کے ماڈلز کا استعمال کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حوثی باغیوں نے ڈرانوں کو زیادہ درست بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت کے ماڈلز کا استعمال کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حوثی باغیوں نے ڈرانوں کو زیادہ درست بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت کے ماڈلز کا استعمال کیا ہے۔ (بقیہ نمبر1 صفحہ 6پر)

افغانستان، دو وگاڑیوں میں تصادم سے چار مسافر جاں بحق

کابل (این این آئی) افغانستان کے شمالی صوبے تخار میں دو گاڑیوں میں تصادم سے چار مسافر جاں بحق اور چھ زخمی ہوگئے۔ عرب ڈی وی کے مطابق صوبائی پولیس دفتر نیوز ایجنسی میں بتایا کہ ہائی سپیڈ ٹرن ڈوئل ایریا میں ٹکر ہوا، حادثہ کیوں کر پیش آیا، اس کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔ طالبان کی خودساختہ حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے بتایا کہ حادثے میں 4 افراد جاں بحق اور 6 زخمی ہوئے ہیں۔ (بقیہ نمبر28 صفحہ 6پر)

افغان طالبان رجیم میں انصاف کا قتل، عدالتی نظام سفارش و رشوت کی دلدل میں پھنس گیا

کابل (این این آئی) افغان طالبان رجیم میں عدالتی نظام سفارش اور رشوت کی دلدل میں پھنس گیا ہے، جبکہ ہم نیاز عدالتی نظام میں انصاف کے قتل اور شفافیت کے خاتمے کا پردہ بھی چاک ہوگیا ہے۔ طالبانی تربیت کے مطابق عدالتوں میں مقدمات کے اندراج، ساعتوں اور فیصلوں میں طویل تاخیر سے سائلین تنگ کر مقدمات سے دلبرداشتہ ہو جاتے ہیں۔ طالبان کی خودساختہ عدالتوں کی طرف (بقیہ نمبر29 صفحہ 6پر)

فلپائن، غیری میں آتشزدگی سے ہلاکتوں کی تعداد 35 تک پہنچ گئی، 87 لاپتہ

مانیلا (این این آئی) فلپائن کے صوبہ پالاوان کے قریب سافر فیری میں آگ لگنے سے مزید 7 افراد ہلاک اور 87 لاپتہ ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فیری خلیا سے کورون جارہی تھی۔ فیری میں مجموعی طور پر 344 افراد سوار تھے، جن میں 117 مسافر اور 17 عملے کے ارکان شامل تھے۔ اب تک 42 افراد کو بچایا گیا ہے۔ آگ لگنے کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہوسکی۔ (بقیہ نمبر31 صفحہ 6پر)

ابراہیم عزیزی نے ایرانی شرائط تسلیم کیے بغیر امریکا سے مذاکرات مسترد کردیئے

جب تک امریکا ایران کی تمام شرائط تسلیم نہیں کرتا مذاکرات نہیں ہوں گے، سربراہ ایرانی پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے ایرانی شرائط تسلیم نہ کیے جانے تک امریکا سے مذاکرات مسترد کردیے۔ فیض کی خبررساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے خبردار کیا کہ جب تک امریکا ایران کی تمام شرائط تسلیم نہیں کرتا مذاکرات ہے سود ہیں۔ ابراہیم عزیزی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر مختلف پیغامات کے جاری کیے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ایران کی تمام شرائط تسلیم ہونے تک بات چیت اور مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ ایک اور پوسٹ میں ابراہیم عزیزی نے کہا کہ ایران کی تمام شرائط تسلیم نہیں ہوتیں، جب تک ایران کی تمام شرائط پوری نہیں ہوتیں۔

11 ستمبر 2001 کے بعد 25 سالہ امریکی جنگیں 45 لاکھ ہلاکتوں کا سبب بنیں

امریکا نے پاکستان، یمن، صومالیہ، لیبیا اور شام سمیت کئی ممالک میں فضائی اور ڈرون کارروائیاں بھی کیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) 11 ستمبر 2001 کے حملوں کے بعد امریکا کی قیادت میں شروع ہونے والی جنگوں اور دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کی 25 سال مکمل ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق افغانستان میں 2001 میں شروع ہونے والی جنگ تقریباً 20 سال جاری رہی جس میں 1 لاکھ 76 ہزار افراد ہلاک ہوئے۔ 2003 میں عراق پر حملہ اور امریکا کی قیادت میں اتحادی افواج کے قبضے کے بعد امریکی حملے کے نتیجے میں تقریباً 12 لاکھ 15 ہزار افراد ہلاک ہوئے۔ 2011 کے بعد امریکا نے پاکستان، یمن، صومالیہ، لیبیا اور شام سمیت کئی ممالک میں فضائی اور ڈرون کارروائیاں بھی کیں۔ رپورٹ کے مطابق ان کارروائیوں کے نتیجے میں 3 لاکھ 80 ہزار افراد ہلاک ہوئے جن میں 2 لاکھ 40 ہزار براہ راست جنگوں میں 45 لاکھ سے زائد افراد بالواسطہ ہلاک ہوئے جن میں 3 کروڑ 80 لاکھ سے زائد افراد بے (بقیہ نمبر30 صفحہ 6پر)

پاکستان کا ایران کے ساتھ ثالثی کردار جاری رکھنے کا اعلان

ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے وفد کی آمد کا منتظر ہیں، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان ایران کے ساتھ ثالثی کردار جاری رکھے گا۔ فیض کی خبررساں ادارے کے مطابق اسلام آباد میں ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے وفد کی آمد کا منتظر ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ایران کے ساتھ ثالثی کردار جاری رکھے گا۔ (بقیہ نمبر32 صفحہ 6پر)

ڈی آر اگلو میں ایبولا کے کیسز 7 ہزار سے تجاوز، ہلاکتیں 3,398 ہوگئیں

ایبولا کی وبا اب 7 صوبوں کے 62 صحت کے علاقوں تک پھیل چکی ہے، مقامی حکام

کنشاسا (این این آئی) جمہوری کانگو میں ایبولا وائرس کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 7 ہزار سے تجاوز کرگئی جبکہ ہلاکتوں کی تعداد 3,398 ہوگئی ہے۔ عرب ڈی وی نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق 10 تشریحک ملک میں ایبولا کے 7,022 مصدقہ کیسز رپورٹ کیے گئے ہیں، جبکہ 1,671 مریض صحت یاب ہوچکے ہیں۔ کیسز میں اموات کی شرح 48.4 فیصد رہی۔ مقامی حکام کے مطابق ایبولا کی وبا اب 7 صوبوں کے 62 صحت کے علاقوں تک پھیل چکی ہے۔ جنوبی ایبولا کی تازہ ترین متاثرہ صوبہ ہے، جہاں ایک کیس کی تصدیق ہوئی۔ 23 مئی متاثرہ مقامی جنوبی کیوو سے سفر کرکے آیا تھا اور کیسز رپورٹ کرنا پڑیں۔ (بقیہ نمبر14 صفحہ 6پر)

بنگلادیش میں چینی ساختہ فوجی ٹینک میں دھماکا، 2 اہلکار ہلاک

دھماکا ٹینک میں ایندھن بھرتے ہوئے ہوا، 3 اہلکار زخمی ہوئے، بیان

ڈھاکا (این این آئی) بنگلادیش میں مشقوں کے دوران چینی ساختہ ٹینک پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دو افراد موقع پر ہی ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ اس واقعے کے ایک ہی روز بعد بنگلادیش کے ایک اور علاقے میں ایک اور ٹینک میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا۔ عرب ڈی وی نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق ٹینک میں ایندھن بھرتے ہوئے دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں 2 اہلکار ہلاک اور 3 زخمی ہوئے۔ (بقیہ نمبر18 صفحہ 6پر)

یمن کے شہر الحمّا میں حوثیوں کی جانب سے امدادی مرکز پر قبضے پر اقوام متحدہ کا اظہار تشویش

انسانی امدادی کارکنوں، مراکز اور اثاثوں کا ہر وقت احترام اور تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے، ناٹب ترجمان اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے یمن کے شہر الحمّا میں حوثیوں کی جانب سے اہم انسانی امدادی مرکز اور اس کے اثاثوں پر قبضے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عرب ڈی وی کے مطابق اقوام متحدہ کے ناٹب ترجمان فرحان حق نے کہا کہ یکم نومبر مرکز میں اقوام متحدہ کے مختلف اداروں کا عملہ موجود تھا جو علاقے کی ضرورت مند اور کمزور آبادیوں کو انسانی امداد فراہم کررہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ مرکز پر قبضے کے قبل تمام اہلکار وہاں سے بحفاظت منتقل ہو چکے تھے اور سب محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی امدادی کارکنوں، مراکز اور اثاثوں کا ہر وقت احترام اور تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے جبکہ امدادی کارکنوں اور محفوظ رسائی بھی یقینی بنائی جائے تاکہ ضرورت مند افراد تک زندگی بچانے والی امداد پہنچتی رہے۔ فرحان حق کے مطابق علاقے میں موجود اقوام متحدہ کے 8 حلقوں اہلکار قبضے کے قبل وقت اور تیزی سے محفوظ ہوگئے تھے، جبکہ اس وقت الحمّا میں اقوام متحدہ کا کوئی اہلکار موجود نہیں۔ تعداد تر میں موجود تمام متاثرہ اہلکار محفوظ ہیں۔

نائن الیون میں ملوث افراد ایرانی نہیں تھے، اسماعیل بقائی

بائن الیون کے بعد مسلم نہاد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں افغانستان اور عراق میں جتنی ہلاکتیں ہوئیں، بیان

تہران (این این آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ کے جواز کے لیے نائن الیون کا حوالہ دینا انتہائی مضحکہ خیز ہے۔ فیض کی خبررساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں اسماعیل بقائی نے کہا کہ نائن الیون میں ملوث افراد ایرانی نہیں تھے۔ انہوں نے کہا کہ مجرمانہ طرز کی مخصوص دہشت گردی کی اصطلاحات کے ذریعے جائز قرار نہیں دیا جاسکتا، نائن الیون کی برسی کے موقع پر امریکی وزیر جنگ کا پیش کیا گیا مقف متضاد ہے۔ اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ نائن الیون کے بعد مسلم نہاد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں افغانستان اور عراق میں جتنی ہلاکتیں ہوئیں، بیان

فوجی طیارے کے ڈیٹا کے باعث برطانیہ کا فضائی ٹریفک نظام تعطل کا شکار

ایوی ایشن انٹیلی جنس ماہرین کی آزادانہ تحقیقات کرے گی، 6 ماہ میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ میں کئی روز تک پروازوں کے نظام میں معطلی کی وجہ سامنے آگئی۔ امریکی اخبار کے مطابق ڈرانے کے باعث وسیع تر فضائی ٹریفک کنٹرول نظام میں خرابی پیدا ہوئی، جسے بحال کرنے میں کئی گھنٹے لگے اور نظام کو دوبارہ چلانے کے لیے متعدد کوششیں کرنا پڑیں۔ برطانیہ کی ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق فوجی طیارے کے ڈیٹا کے جائزے سے درج کیے گئے ڈیٹا کے باعث وسیع تر فضائی ٹریفک کنٹرول نظام میں خرابی پیدا ہوئی، جسے بحال کرنے میں کئی گھنٹے لگے اور نظام کو دوبارہ چلانے کے لیے متعدد کوششیں کرنا پڑیں۔ برطانیہ کی ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق فلائٹ پلان ایپلیکیشن میں ایک خرابی کے باعث یہ صورتحال پیدا ہوئی

روزنامہ عوام
وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کا واحد اور جدید سے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ روزنامہ
آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد
آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 جی ٹی آفس
32266 فیکس 32755

پیر 14 ستمبر 2026ء

زرعی شعبے کی ترقی

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ زرعی شعبہ پاکستان کی معیشت کی ترقی اور استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، فی ایکڑ پیداوار میں اضافے، زراعت میں جدت، لائیو اسٹاک کے فروغ اور زرعی برآمدات بڑھانے کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور شراکت داری ناگزیر ہے۔ وزیراعظم کی زیرصدارت زرعی شعبے اور زرعی برآمدات کے فروغ کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس ہوا، جس میں ملک میں زرعی پیداوار بڑھانے، جدید زرعی طریقہ کار متعارف کرانے، کسانوں کو سہولیات فراہم کرنے اور عالمی منڈیوں میں پاکستانی زرعی مصنوعات کی رسائی وسیع کرنے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ پاکستان کی زرعی مصنوعات کے لیے عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھانے اور نئی مارکیٹیں تلاش کرنے کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں۔ زرعی برآمدات کے فروغ کے لیے بیرون ملک پاکستانی مشنز میں تعینات کمرشل افسران کو بھی مؤثر کردار ادا کرنے کی ہدایت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ زرعی شعبے کی برآمدات میں اضافے کے لیے زرعی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن ناگزیر ہے۔ زرعی پیداوار کو عالمی معیار کے مطابق بنانے اور ویلیو چینز کی تشکیل کے لیے مؤثر اقدامات پر زور دیا۔ وزیراعظم نے کسانوں کو فصلوں کی نگرانی کے لیے دستیاب موبائل ایپ کے بارے میں آگاہی بڑھانے کے لیے مؤثر میڈیا مہم چلانے کی بھی ہدایت کی تاکہ کاشتکار جدید ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران پاکستان کے زرعی شعبے سے مجموعی برآمدات 5.18 ارب ڈالر رہیں۔ پاکستان کی نمایاں زرعی برآمدات میں چاول، فشریز، حلال گوشت، آلو، تل، تمباکو، آم اور مکئی شامل ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ چین، سعودی عرب، ایران اور خلیجی ممالک پاکستان کی زرعی مصنوعات کے لیے اہم برآمدی منڈیاں ہیں۔ زرعی برآمدات میں مزید اضافے کے لیے مختلف مصنوعات کی ویلیو چینز تشکیل دینے کی تجویز بھی پیش کی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نیشنل ایگریکلچر اینڈ فوڈ سیکیورٹی کونسل کو فعال کیا جائے گا، جس میں وزرائے اعلیٰ اپنے اپنے صوبوں کی نمائندگی کریں گے۔ اس اقدام کا مقصد وفاق اور صوبوں کے درمیان زرعی پالیسی اور غذائی تحفظ کے معاملات میں بہتر رابطہ اور تعاون یقینی بنانا ہے۔ بریفنگ میں ملک بھر کے کسانوں اور زرعی زمین کے ریکارڈ کو ڈیجیٹائز کرنے کے لیے ڈیجیٹل فارمرز ڈائری۔ ایگری اسٹیک تشکیل دینے کی تجویز بھی پیش کی گئی۔

بیرونِ ملک تعلیم یافتہ ہمارے نوجوانوں کے روزگار کے مسائل

تحریر۔ نصرت جاوید

بھی لیکن وطن عزیز میں اچھی نوکری کا حصول یقینی نہیں بنا رہی۔

برنس ایڈمنسٹریشن میں یورپ یا امریکہ کی مشہور یونیورسٹی سے اعلیٰ تعلیم مثال کے طور پر چند ہی برس قبل تک اچھی ملازمت کا حصول یقینی بنا دیا کرتی تھی۔ اب مگر اس کی وقعت نہیں رہی۔ مارکیٹنگ کا شعبہ بھی نوجوانوں کو رکھتا ہوں۔ بتدریج وہی نوجوان بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے بعد لوٹے تو ان کی ترجیحات بدل گئیں۔

مسئلہ تحریک انصاف سے دوری تک محدود ہوتا تو شاید میں پریشان نہ ہوتا۔ پریشان کن حقیقت یہ ہے کہ وہ سیاست سے قطعی لاتعلقی اختیار کر چکے ہیں۔ ان کا بنیادی دُکھ یہ ہے کہ ماں باپ کے لاکھوں روپے خرچ کروانے اور گھروں سے دور تنگ اور ٹھنڈے کمروں میں رہ کر انہوں نے جس محنت سے ڈگری حاصل کی ہے پاکستان لوٹنے کے بعد انہیں اس کے مساوی نوکری نہیں مل رہی۔ جس بچے یا بچی سے بھی گفتگو ہوئی اس کا دعویٰ تھا نوکریوں کے لئے انہیں جس تنخواہ کی پیشکش ہو رہی ہے وہ ان کی ڈگری کے حوالے سے واجب نہیں۔ خود کو پاکستان میں میسر نوکریوں کے مقابلے میں (QualifiedOver) پکارتے یہ بچے نہایت حسرت سے اپنے چند دوستوں کا ذکر کرتے رہے جنہوں نے گریجویشن کے بعد کام کا تجربہ حاصل کرنے کے نام پر دوسال کا ویزا حاصل کیا۔ ڈگری کے مطابق انہیں برطانیہ میں بھی نوکری نہ ملی۔ ریستورانوں میں ویٹر وغیرہ کی نوکری کرنے کو مجبور ہوئے۔ وطن لوٹنے کے بعد مگر وہ ایسے کام کر نہیں سکتے۔ خود کو والدین پر بوجھ محسوس کرتے ہیں۔

ایسے ہی چند نوجوانوں سے چند دن قبل لمبی گفتگو کا موقع ملا۔ میں نے آغاز ہی میں ان کی نوکریوں کے حوالے سے خواہشات معلوم کرنا چاہیں۔ اُن کو دلوں میں جمع ہوئے غبار کے اظہار کا موقع مل گیا۔ اُن سے ہوئی گفتگو نے مزید پریشان کر دیا۔ تین سے زیادہ بچوں نے بجھے اور اداس چہروں کے ساتھ اطلاع دی کہ ان کے چند قریب ترین دوست برطانیہ میں Uber گاڑیاں چلاتے ہوئے سفید پوشی کا بھرم رکھے ہوئے تھے۔ بیرون ملک قیام کو طول دینے کے لئے اضافی تعلیم کی راہیں بھی ڈھونڈ نکالی تھیں۔ چند ہی دن قبل مگر ''اوبر'' نے اعلان کیا ہے کہ وہ ڈرائیور کے بغیر گاڑیاں متعارف کروانے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ ایک نوجوان کی قریبی دوست نے پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے اسے یہ خبر سنائی کہ ''اوبر'' والوں نے اسے اگلے مہینے فارغ کرنے کی اطلاع بھجوادی ہے۔ بچی کو سمجھ نہیں آ رہی کہ وہ وطن لوٹ کر کیا کرے گی۔ اس کی بیوہ ماں اکیلی رہتی ہیں۔ اپنی بچت کا بھاری بھرکم حصہ وہ اس کی تعلیم پر خرچ کر چکی ہیں۔ اسلام آباد کے نسبتاً کم قیمت والے مکان کی مالک ہیں۔ اس کے دو کمرے طالبات کو کرایے پر دے رکھے ہیں۔ بچی انہیں باقاعدگی سے برطانوی پاؤنڈ میں کچھ رقم بھجوا کر مطمئن رکھا کرتی تھی۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی کہ کس منہ سے وطن لوٹے اور اپنی ماں کے لئے آخری عمر کا سہارا بننے کے بجائے ان پر بوجھ نہ بنے۔

ہمارے ریگولر اور سوشل میڈیا میں مجھ جیسے عالمی امور پر لکھنے والے نام نہاد دانشور صحافی ایسے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی حقیقی زندگیوں اور مسائل سے قطعاً غافل ہیں۔ ان کے بارے میں لکھنا اپنے ''مرتبے'' سے کم تر سمجھتے ہیں۔ وہ اگر ہم بڈھوں سے نفرت نہ کریں تو کیا کریں!

☆☆☆☆

پٹرول یکمشت تیرہ روپے لیٹر مہنگا ہو گیا اور یہ بات ثابت ہو گئی کہ حکومت کا جہاں اور ہے خلقت کا جہاں اور، کسی کو کچھ معلوم نہیں۔ یہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کس فارمولے کے تحت متعین کی جا رہی ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں کا کیا حال ہے، کوئی نہیں بتاتا۔ یہ تیرہ روپے کا اضافہ ایک ایسا بم ہے جس نے مہنگائی میں پسے ہوئے عوام کو مزید مار ڈالا ہے۔ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے اسے بے حسی پر مبنی فیصلہ قرار دے کر کراچی میں دھرنے کا اعلان کر دیا ہے، مگر صاحبو اس میں کوئی خیریت نہیں رہی کیونکہ جب سے جماعت اسلامی قیمتیں کم کرانے کے لئے میدان میں آئی ہے، قیمتوں کو پَر لگ گئے ہیں، اُڑتی جا رہی ہیں اور حافظ صاحب حکومت سے مذاکرات، مذاکرات کھیل رہے ہیں۔ اس احتجاج کا الٹا اثر اب جادو کی طرح سر چڑھ کر بولنے لگا ہے۔ اس کا حکومت کے دِل میں کتنا خوف ہے، اس کا اندازہ اِس بڑے اضافے سے لگایا جا سکتا ہے۔ خیر ہونی کو کون روک سکتا ہے اور قیمتیں بڑھنے میں کس کی مجال ہے کہ رکاوٹیں ڈال سکے مگر اب عوام یہ سوچ رہے ہیں یہ سلسلہ آخر رُکے گا کہاں۔ یہ روز روز کی بدخبری آخر کب ختم ہوگی۔ حکومت کچھ اور نہیں کر سکتی تو کم از کم اتنا ہی کر دے کہ قیمتوں میں ردوبدل کا پندرہ روزہ نظام ہی بحال کر دے تاکہ عوام کو جھٹکا پندرہ دن بعد لگے۔ یہ روزانہ لگتا ہے تو اُن کے اعصاب شل ہونے لگے ہیں۔ میں کل گاڑی میں پٹرول ڈلوا کر گھر آیا تو آتے ہی سوشل میڈیا پر یہ خبر سنی کہ پٹرول کی قیمت تقریباً 13 روپے بڑھا دی گئی ہے۔ میں نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا مولا تو کتنا رحیم ہے، مجھے قیمتیں بڑھنے سے پہلے پٹرول ڈلوانے کا موقع فراہم کیا۔ وگرنہ اعلان کے بعد تو پٹرول پمپ مالکان پٹرول بیچنا بند کر دیتے ہیں اور رات بارہ بجے کے بعد نئی قیمت پر دیتے ہیں۔ یہ کس سودوزیاں میں حکمرانوں نے عوام کو ڈال دیا ہے۔ زندگی میں ایک سکون اور ٹھہراؤ کبھی ہوتا تھا، اب تو ناپید ہو چکا ہے، ہر طرف بے چینی اور بے یقینی ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کرائے روزانہ کی بنیاد پر ڈانواں ڈول رہتے ہیں۔ اسی طرح سبزیاں ہوں یا پھل اُن کی قیمتوں میں اس کمبخت مارے پٹرول و ڈیزل کی وجہ سے مدوجزر رہتا ہے۔ آج شیدے ریڑھی والے کے پاس گیا ہوں تو اُس نے آنکھیں ماتھے پر رکھی ہوئی تھیں۔ کل تک جو انگور چھ سو روپے کلو دے رہا تھا، آج 900 روپے قیمت بتا رہا تھا۔ کہنے لگا اُن ٹرک والوں سے پوچھیں جو کے پی کے سے مال لاتے ہیں۔ آج منڈی میں انگور کی پیٹی تین ہزار روپے مہنگی بکی ہے۔ مہنگا ملے گا تو مہنگا ہی بیچیں گے بابو جی۔

کہتا تو وہ بھی ٹھیک ہے۔ یہ منڈیوں میں بیٹھے ہوئے بیوپاری اور آڑھتی چاہے مال پہلے سے پڑا ہو، ڈیزل مہنگا ہوتے ہی اُس میں ایک دوگنا اضافہ کر دیتے ہیں۔ ان کیلئے تو پٹرول و ڈیزل مہنگا ہونا گویا ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ یہ ہم جو اپنے ریڑھی وخوانچہ فروشوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ انہوں نے سبزی پھل مہنگے کر دیئے ہیں ان بے چاروں کے بس میں تو کچھ بھی نہیں، تازہ کماتے ہیں تازہ کھاتے ہیں، پھل بچ جائے تو الٹا نقصان ہو جاتا ہے۔ جب ایران امریکہ جنگ کے بعد تیل کی قیمتیں عالمی منڈی میں بڑھی تھیں تو حکومت نے خاصی سرگرمی دکھائی تھی، توانائی بچانے کا پروگرام نافذ کر دیا تھا، پٹرول اور ڈیزل کا سرکاری گاڑیوں میں استعمال آدھا کر کے عوام کو احساس دلایا تھا کہ حکومت اُن کے ساتھ ہے مگر اب تو اس بارے میں حکمران طبقہ سوچتا بھی نہیں۔ پٹرول مہنگا ہو گیا تو کیا سرکاری گاڑیوں میں تو اُس نے لیٹر کے حساب سے ڈالا جانا ہے۔ صاحب بہادر کی گاڑی کے لئے اگر دوسو لیٹر ماہانہ کا کوٹہ منظور ہے تو اتنا ہی ملے گا، اب بھلے اُس کے پیسے دوگنا ہی کیوں نہ ہو جائیں۔ مالِ مفت دلِ بے رحم کی مثال کسی نے دیکھنی ہو تو ہمارے ہاں آ کے دیکھے۔ کیا کہیں سے آپ کو لگ رہا ہے جس مصیبت میں مہنگائی کی وجہ سے عوام مبتلا ہیں، اُس کا کوئی تھوڑا بہت اثر ہے کہ رکاوٹیں ڈال سکے مگر اب عوام یہ سوچ رہے ہیں یہ سلسلہ آخر رُکے گا کہاں۔ یہ روز روز کی بدخبری آخر کب ختم ہوگی۔ حکومت کچھ اور نہیں کر سکتی تو کم از کم اتنا ہی کر دے کہ قیمتوں میں ردوبدل کا پندرہ روزہ نظام ہی بحال کر دے تاکہ عوام کو جھٹکا پندرہ دن بعد لگے۔ یہ روزانہ لگتا ہے تو اُن کے اعصاب شل ہونے لگے ہیں۔ میں کل گاڑی میں پٹرول ڈلوا کر گھر آیا تو آتے ہی سوشل میڈیا پر یہ خبر سنی کہ پٹرول کی قیمت تقریباً 13 روپے بڑھا دی گئی ہے۔ میں نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا مولا تو کتنا رحیم ہے، مجھے قیمتیں بڑھنے سے پہلے پٹرول ڈلوانے کا موقع فراہم کیا۔ وگرنہ اعلان کے بعد تو پٹرول پمپ مالکان پٹرول بیچنا بند کر دیتے ہیں اور رات بارہ بجے کے بعد نئی قیمت پر دیتے ہیں۔ یہ کس سودوزیاں میں حکمرانوں نے عوام کو ڈال دیا ہے۔ زندگی میں ایک سکون اور ٹھہراؤ کبھی ہوتا تھا، اب تو ناپید ہو چکا ہے، ہر طرف بے چینی اور بے یقینی ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کرائے روزانہ کی بنیاد پر ڈانواں ڈول رہتے ہیں۔ اسی طرح سبزیاں ہوں یا پھل اُن کی قیمتوں میں اس کمبخت مارے پٹرول و ڈیزل کی وجہ سے مدوجزر رہتا ہے۔ آج شیدے ریڑھی والے کے پاس گیا ہوں تو اُس نے آنکھیں ماتھے پر رکھی ہوئی تھیں۔ کل تک جو انگور چھ سو روپے کلو دے رہا تھا، آج 900 روپے قیمت بتا رہا تھا۔ کہنے لگا اُن ٹرک والوں سے پوچھیں جو کے پی کے سے مال لاتے ہیں۔ آج منڈی میں انگور کی پیٹی تین ہزار روپے مہنگی بکی ہے۔ مہنگا ملے گا تو مہنگا ہی بیچیں گے بابو جی۔

کہتا تو وہ بھی ٹھیک ہے۔ یہ منڈیوں میں بیٹھے ہوئے بیوپاری اور آڑھتی چاہے مال پہلے سے پڑا ہو، ڈیزل مہنگا ہوتے ہی اُس میں ایک دوگنا اضافہ کر دیتے ہیں۔ ان کیلئے تو پٹرول و ڈیزل مہنگا ہونا گویا ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ یہ ہم جو اپنے ریڑھی وخوانچہ فروشوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ انہوں نے سبزی پھل مہنگے

مہنگا پٹرول، یہ غم ہوگا تو کتنے غم نہ ہوں گے

تحریر۔ نسیم شاہد

روپے قیمت نکالی ہوئی تھی۔ پوچھا یہ کیا ماجرا ہے؟ کہنے لگا اُن ٹرک والوں سے پوچھیں جو کے پی کے سے مال لاتے ہیں۔ آج منڈی میں انگور کی پیٹی تین ہزار روپے مہنگی بکی ہے۔ مہنگا ملے گا تو مہنگا ہی بیچیں گے بابو جی۔

کہتا تو وہ بھی ٹھیک ہے۔ یہ منڈیوں میں بیٹھے ہوئے بیوپاری اور آڑھتی چاہے مال پہلے سے پڑا ہو، ڈیزل مہنگا ہوتے ہی اُس میں ایک دوگنا اضافہ کر دیتے ہیں۔ ان کیلئے تو پٹرول و ڈیزل مہنگا ہونا گویا ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ یہ ہم جو اپنے ریڑھی وخوانچہ فروشوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ انہوں نے سبزی پھل مہنگے کر دیئے ہیں ان بے چاروں کے بس میں تو کچھ بھی نہیں، تازہ کماتے ہیں تازہ کھاتے ہیں، پھل بچ جائے تو الٹا نقصان ہو جاتا ہے۔ جب ایران امریکہ جنگ کے بعد تیل کی قیمتیں عالمی منڈی میں بڑھی تھیں تو حکومت نے خاصی سرگرمی دکھائی تھی، توانائی بچانے کا پروگرام نافذ کر دیا تھا، پٹرول اور ڈیزل کا سرکاری گاڑیوں میں استعمال آدھا کر کے عوام کو احساس دلایا تھا کہ حکومت اُن کے ساتھ ہے مگر اب تو اس بارے میں حکمران طبقہ سوچتا بھی نہیں۔ پٹرول مہنگا ہو گیا تو کیا سرکاری گاڑیوں میں تو اُس نے لیٹر کے حساب سے ڈالا جانا ہے۔ صاحب بہادر کی گاڑی کے لئے اگر دوسو لیٹر ماہانہ کا کوٹہ منظور ہے تو اتنا ہی ملے گا، اب بھلے اُس کے پیسے دوگنا ہی کیوں نہ ہو جائیں۔ مالِ مفت دلِ بے رحم کی مثال کسی نے دیکھنی ہو تو ہمارے ہاں آ کے دیکھے۔ کیا کہیں سے آپ کو لگ رہا ہے جس مصیبت میں مہنگائی کی وجہ سے عوام مبتلا ہیں، اُس کا کوئی تھوڑا بہت اثر ہے کہ رکاوٹیں ڈال سکے مگر اب عوام یہ سوچ رہے ہیں یہ سلسلہ آخر رُکے گا کہاں۔ یہ روز روز کی بدخبری آخر کب ختم ہوگی۔ حکومت کچھ اور نہیں کر سکتی تو کم از کم اتنا ہی کر دے کہ قیمتوں میں ردوبدل کا پندرہ روزہ نظام ہی بحال کر دے تاکہ عوام کو جھٹکا پندرہ دن بعد لگے۔ یہ روزانہ لگتا ہے تو اُن کے اعصاب شل ہونے لگے ہیں۔ میں کل گاڑی میں پٹرول ڈلوا کر گھر آیا تو آتے ہی سوشل میڈیا پر یہ خبر سنی کہ پٹرول کی قیمت تقریباً 13 روپے بڑھا دی گئی ہے۔ میں نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا مولا تو کتنا رحیم ہے، مجھے قیمتیں بڑھنے سے پہلے پٹرول ڈلوانے کا موقع فراہم کیا۔ وگرنہ اعلان کے بعد تو پٹرول پمپ مالکان پٹرول بیچنا بند کر دیتے ہیں اور رات بارہ بجے کے بعد نئی قیمت پر دیتے ہیں۔ یہ کس سودوزیاں میں حکمرانوں نے عوام کو ڈال دیا ہے۔ زندگی میں ایک سکون اور ٹھہراؤ کبھی ہوتا تھا، اب تو ناپید ہو چکا ہے، ہر طرف بے چینی اور بے یقینی ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کرائے روزانہ کی بنیاد پر ڈانواں ڈول رہتے ہیں۔ اسی طرح سبزیاں ہوں یا پھل اُن کی قیمتوں میں اس کمبخت مارے پٹرول و ڈیزل کی وجہ سے مدوجزر رہتا ہے۔ آج شیدے ریڑھی والے کے پاس گیا ہوں تو اُس نے آنکھیں ماتھے پر رکھی ہوئی تھیں۔ کل تک جو انگور چھ سو روپے کلو دے رہا تھا، آج 900 روپے قیمت بتا رہا تھا۔ کہنے لگا اُن ٹرک والوں سے پوچھیں جو کے پی کے سے مال لاتے ہیں۔ آج منڈی میں انگور کی پیٹی تین ہزار روپے مہنگی بکی ہے۔ مہنگا ملے گا تو مہنگا ہی بیچیں گے بابو جی۔

کہتا تو وہ بھی ٹھیک ہے۔ یہ منڈیوں میں بیٹھے ہوئے بیوپاری اور آڑھتی چاہے مال پہلے سے پڑا ہو، ڈیزل مہنگا ہوتے ہی اُس میں ایک دوگنا اضافہ کر دیتے ہیں۔ ان کیلئے تو پٹرول و ڈیزل مہنگا ہونا گویا ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ یہ ہم جو اپنے ریڑھی وخوانچہ فروشوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ انہوں نے سبزی پھل مہنگے

افغان طالبان کیخلاف عالمی عدالت انصاف میں مقدمہ

تحریر۔ ریاض احمد چودھری

اوپن سوسائٹی فاؤنڈیشنز نے افغان طالبان کیخلاف عالمی عدالت انصاف میں مقدمے کا مسودہ تیار کرلیا۔ افغان طالبان کو خواتین کے حقوق کے کنونشن 2003 کی سنگین خلاف ورزیوں پر کٹہرے میں لایا جائے گا۔ اوپن سوسائٹی فاؤنڈیشنز کی صدر بنائیفر نوروجی کے مطابق اگست 2021 میں اتحادی افواج کے انخلا کے بعد سے طالبان اب تک خواتین کیخلاف 100 سے زائد غیر قانونی احکامات جاری کر چکے ہیں۔ افغان خواتین پر محرم کے بغیر باہر نکلنے، نوکری کرنے اور چھٹی جماعت سے آگے تعلیم حاصل کرنے پر سخت پابندی ہے۔ اقوام متحدہ اور یورپی پارلیمنٹ افغانستان کی اس سنگین صورتحال کو باقاعدہ صنفی امتیاز قرار دے چکے ہیں۔ آسٹریلیا، کینیڈا، جرمنی اور نیدرلینڈز کے ستمبر 2024 کے قانونی نوٹس کے بعد یہ کیس افغان طالبان پر دباؤ ڈالنے کا اہم ذریعہ ہوگا۔

اقوام متحدہ کی قانونی چارہ جوئی اور مستقل عالمی دباؤ، افغان خواتین کے حقوق کی بحالی اور ظالمانہ پابندیوں کے خاتمے کا فیصلہ کن ہتھیار ہیں۔

اوپن سوسائٹی فاؤنڈیشنز کی صدر بنائیفر نوروجی نے آسٹریلوی تھنک ٹینک دی سڈنی ڈائیلاگ میں شائع ہونے والے ایک مضمون میں بتایا کہ طالبان حکومت کے اقدامات کو خواتین کے خلاف امتیازی پالیسیوں کی ایک منظم شکل کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق اگست 2021 میں اقتدار سنبھالنے کے بعد طالبان انتظامیہ خواتین اور لڑکیوں سے متعلق 100 سے زائد ایسے احکامات جاری کر چکی ہے جن پر عالمی سطح پر شدید تنقید کی گئی۔ مجوزہ قانونی کیس میں مؤقف اختیار کیا جائے گا کہ طالبان نے خواتین کے حقوق سے متعلق بین الاقوامی کنونشن کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی سنگین خلاف ورزیاں کی ہیں۔ افغانستان میں خواتین کو محرم کے بغیر سفر، روزگار اور چھٹی جماعت سے آگے تعلیم حاصل کرنے سمیت متعدد بنیادی حقوق سے محروم کر دیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ اور یورپی پارلیمنٹ کے متعدد اراکین افغانستان میں خواتین کی صورتحال کو "صنفی امتیاز" قرار دے چکے ہیں، جس کے باعث طالبان حکومت پر بین الاقوامی دباؤ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

عالمی مبصرین کے مطابق افغانستان میں نافذ سخت پابندیوں نے خصوصاً خواتین اور لڑکیوں کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر معاملہ عالمی عدالت تک پہنچتا ہے تو اس سے نہ صرف خواتین کے حقوق کے حوالے سے بین الاقوامی توجہ مزید بڑھے گی بلکہ طالبان حکومت کی عالمی سطح پر ساکھ بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ انسانی حقوق پر اقوام متحدہ کے ماہرین نے عالمی برادری سے کہا ہے کہ وہ افغانستان کے طالبان حکمرانوں کی جانب سے انسانی حقوق کی پامالیوں اور بالخصوص خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تفریق، اخراج اور انسانی وقار کی توہین پر مبنی منظم پالیسیوں کو نظر انداز نہ کرے۔

افغانستان میں طالبان کے اقتدار میں افغانستان کے لوگوں کو اپنے حقوق اور آزادیوں پر ہولناک اور شدید حملوں کا سامنا رہا۔ قانونی جواز اور معاشرے کے تمام طبقات کی نمائندگی سے محروم طالبان حکومت نے ہر طرح کی مخالفت کو کچلا، سول سوسائٹی اور میڈیا کو دبایا اور قانون، انصاف، عدم امتیاز اور مساوات کے اصولوں کی کھلی پامالی کا ارتکاب کیا۔ یہ صورتحال متواتر بگڑ رہی ہے اور اسے روکنے کیلئے عالمی برادری کی جانب سے فوری طور پر مضبوط اقدامات درکار ہیں۔

گزشتہ سال طالبان نے صنفی بنیادوں پر منظم جبر میں مزید شدت لاتے ہوئے امتیازی احکامات اور طریقہ ہائے کار نافذ کیے اور ان پر سخت اور متشدد انداز میں عملدرآمد کروایا۔ برسر اقتدار آنے کے بعد حکام نے 80 سے زیادہ ایسے احکامات اور بیانات جاری کیے جن کا مقصد خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کو نشانہ بنانا اور انہیں محدود کرنا تھا۔

طالبان خواتین اور لڑکیوں کو دانستہ طور پر محکوم رکھنے کی وسیع اور منظم کوشش کر رہے ہیں جو انسانیت کے خلاف جرم اور صنفی بنیاد پر ظلم کے مترادف ہے۔ یہ صورتحال اس قدر سنگین ہے کہ افغان شہریوں اور بالخصوص خواتین کی جانب سے اسے صنفی عصبیت قرار دیا گیا ہے۔ اس کے باوجود طالبان حکام کا اصرار ہے کہ خواتین اور لڑکیوں کی صورتحال ملک کا 'اندرونی معاملہ' ہے۔

طالبان بہت سے طبقات کے انسانی حقوق کو پامال کر رہے ہیں۔ ان میں مذہبی و نسلی اقلیتیں، بچے اور نوجوان، معذور افراد، ہم جنس پرست، دو جنسی رجحانات کے حامل، ٹرانس جینڈر اور متنوع جنسی خصوصیات رکھنے والے دیگر لوگ خاص طور پر نمایاں ہیں۔ ان کے علاوہ انسانی حقوق کے محافظوں، طبی کارکنوں، اساتذہ، صحافیوں، ججوں، قانون دانوں، وکلا، معاشرے کی ایلیٹ کلاس پر پڑا ہو۔ اٹھارھویں، انیس گریڈ کے افسروں کی نقل و حرکت کو ہی دیکھ لیں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا کتنی گاڑیوں کے قافلے میں وہ اپنے دفاتر سے نکلتے ہیں۔ سب گاڑیاں بڑی ہوتی ہیں، جن میں پٹرول اور ڈیزل بھی زیادہ خرچ ہوتا ہے۔ بعض تو کیسی گاڑیاں بھی ہیں جو ایک لیٹر میں پانچ کلومیٹر بھی نہیں کرتیں۔ یوں پانی کی طرح پٹرول پینے والی ان گاڑیوں کا بے دریغ استعمال کم ہوا ہے اور نہ کسی کو احساس ہے کہ سرکاری اخراجات کم کر کے عوام کو چھوٹا موٹا ریلیف دیا ہی جا سکتا ہے۔

کل میں نے یہ منظر بھی دیکھا کہ ایک غریب موٹر سائیکل سوار پٹرول پمپ پر کھڑے ورکر سے کہہ رہا تھا ایک سو روپے کا پٹرول ڈال دے اور وہ انکاری تھا کہ دوسو روپے سے کم پٹرول بند ہے۔ ہائے ہائے یہ منظر دیکھ کر مجھے وہ زمانہ یاد آ گیا جب موٹر سائیکل میں تیس چالیس روپے کا پٹرول ڈلوا کے یہ مزدور طبقہ اپنا کام چلا لیتا تھا۔ مجھے ایک رنگ کرنے والے کی ضرورت پڑی تو قاسم بیلہ کی پٹی پر گیا جہاں ہر نوع کے مزدور صبح آ کر بیٹھ جاتے ہیں تاکہ کوئی ضرورت مند انہیں اپنے ساتھ لے کر جائے۔ وہاں ایک نوجوان سے ملاقات ہوئی جو بی اے پاس تھا۔ اس نے بتایا کہ وہ بعد کام کا تجربہ حاصل کرنے کے نام پر دوسال کا ویزا حاصل کیا۔ ڈگری کے مطابق انہیں برطانیہ میں بھی نوکری نہ ملی۔ ریستورانوں میں ویٹر وغیرہ کی نوکری کرنے کو مجبور ہوئے۔ وطن لوٹنے کے بعد مگر وہ ایسے کام کر نہیں سکتے۔ خود کو والدین پر بوجھ محسوس کرتے ہیں۔

ایسے ہی چند نوجوانوں سے چند دن قبل لمبی گفتگو کا موقع ملا۔ میں نے آغاز ہی میں ان کی نوکریوں کے حوالے سے خواہشات معلوم کرنا چاہیں۔ اُن کو دلوں میں جمع ہوئے غبار کے اظہار کا موقع مل گیا۔ اُن سے ہوئی گفتگو نے مزید پریشان کر دیا۔ تین سے زیادہ بچوں نے بجھے اور اداس چہروں کے ساتھ اطلاع دی کہ ان کے چند قریب ترین دوست برطانیہ میں Uber گاڑیاں چلاتے ہوئے سفید پوشی کا بھرم رکھے ہوئے تھے۔ بیرون ملک قیام کو طول دینے کے لئے اضافی تعلیم کی راہیں بھی ڈھونڈ نکالی تھیں۔ چند ہی دن قبل مگر ''اوبر'' نے اعلان کیا ہے کہ وہ ڈرائیور کے بغیر گاڑیاں متعارف کروانے کا فیصلہ کر چکے ہیں۔ ایک نوجوان کی قریبی دوست نے پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے اسے یہ خبر سنائی کہ ''اوبر'' والوں نے اسے اگلے مہینے فارغ کرنے کی اطلاع بھجوادی ہے۔ بچی کو سمجھ نہیں آ رہی کہ وہ وطن لوٹ کر کیا کرے گی۔ اس کی بیوہ ماں اکیلی رہتی ہیں۔ اپنی بچت کا بھاری بھرکم حصہ وہ اس کی تعلیم پر خرچ کر چکی ہیں۔ اسلام آباد کے نسبتاً کم قیمت والے مکان کی مالک ہیں۔ اس کے دو کمرے طالبات کو کرایے پر دے رکھے ہیں۔ بچی انہیں باقاعدگی سے برطانوی پاؤنڈ میں کچھ رقم بھجوا کر مطمئن رکھا کرتی تھی۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی کہ کس منہ سے وطن لوٹے اور اپنی ماں کے لئے آخری عمر کا سہارا بننے کے بجائے ان پر بوجھ نہ بنے۔

ہمارے ریگولر اور سوشل میڈیا میں مجھ جیسے عالمی امور پر لکھنے والے نام نہاد دانشور صحافی ایسے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی حقیقی زندگیوں اور مسائل سے قطعاً غافل ہیں۔ ان کے بارے میں لکھنا اپنے ''مرتبے'' سے کم تر سمجھتے ہیں۔ وہ اگر ہم بڈھوں سے نفرت نہ کریں تو کیا کریں!

☆☆☆☆

کرپشن اور ذوالفقار احمد چیمہ کا غصہ

تحریر۔ محسن گواریہ

ذوالفقار احمد چیمہ، نیک نام اور ایماندار ریٹائرڈ پولیس افسر ہیں، وہ جہاں جہاں تعینا ت رہتے وہاں وہاں سے جرم اور جرائم پیشہ دور بھاگ جاتے ورنہ ان کا منہ کالا ہوتا، چیمہ صاحب کڑوے ہونے کی حد تک سخت گیر افسر تھے، ان کی تعیناتی کے علاقہ میں میرٹ ڈیرے ڈالے رکھتا، امن پسند شہریوں اور شریفوں کا راج ہوتا، چیف سیکرٹری اور وفاقی سیکرٹری رہنے والے ایک ریٹائرڈ پی اے ایس افسر بتاتے ہیں کہ گوجرانوالہ میں پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے ان کے بھائی حکومتی اور مسلم لیگ (ن) کے دباؤ کے باوجود اس لئے جیت گئے کہ وہاں ذوالفقار چیمہ تعینات تھے، حالانکہ اسی ضلع کے ایک دوسرے حلقے سے چیمہ صاحب کے بھائی مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ہوتے، حکومتی اور سیاسی دباو کی پرواہ کئے بغیر قانون نافذ کرنے والا یہ افسر اکثر اوقات قانون بھی ہاتھ میں لے لیتا تاکہ ملزم عبرت کا نشانہ بن سکے، اب وہ افسری بجائے دانشور اور کالم نگار ہیں مگر انکی تحریروں میں بے باکی اور سخت گوئی اب بھی صاف دکھائی دیتی ہے، میں طویل عرصہ تک ایک صحافی کے طور بیوروکریسی اور اسٹیبلشمنٹ کی رپورٹنگ کرتا رہا اب انہی موضوعات پہ لکھتا ہوں، پنجاب میں وزیراعلیٰ کی ہدائیت پر کرپشن کے خلاف انٹی کرپشن نے جو مہم شروع کر رکھی ہے اس پر بھی میری نظر ہے اور سب سے پہلے اس پر میرا ہی کالم شائع ہوا تھا، آج اچانک فیس بک پر ذوالفقار چیمہ صاحب کی وال پر نظر پڑی تو کرپشن کے حوالے سے انکی تحریر کو پڑھا بلکہ بار بار پڑھا اور انکی بے باکی کا مزید قائل ہو گیا، میرا دل چاہا کہ میں بھی آج ان کی تحریر کو اپنے کالم کا حصہ بناؤں۔

انہوں نے لکھا ہے کہ: کرپشن اس ملک کا ب

سینئر صحافی سید خلیل الرحمٰن کی وفات پر انکے بھائیوں سید سمیع الرحمان، سید شفیق الرحمان، سید بہادر شاہ سے ڈائریکٹر بیوٹمر قدیم کاکڑ، حسن کاکڑ، سابق ڈپٹی میئر یونس بلوچ، دانیال بٹ، سماجی رہنما حافظ عبدالقدیر لہڑی، محبیب، حاجی اجمل اور دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

میجر نادر علی کی تصنیف کی شاندار تقریبِ رونمائی

تاریخی پس منظر، تحقیق کے اہم نکات اور تصنیف کے مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی

کوئٹہ (آن لائن) عسکری و سول سروسز سے ریٹائر شدہ معروف شخصیت میجر نادر علی کی تصنیف ''The Story and Soul of the Hazara Nation'' کی شاندار تقریبِ رونمائی ہزارگی اکیڈمی کے زیر اہتمام علی ظہیر کانفرنس ہال، تنظیم نسل نو ہزارہ مغل میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں تاریخ، ادب اور ہزارہ قوم کے تاریخی و تہذیبی پس منظر سے دلچسپی رکھنے والے اہلِ علم، دانشوروں، ادیبوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ میجر نادر علی ایک طویل عرصے تک عسکری اور سول سروس سے وابستہ رہے۔ انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کے میدان میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات کا دائرہ عملی زندگی سے آگے بڑھتے ہوئے اب علمی و تحقیقی میدان تک پہنچ گیا ہے۔ ان کی نئی کتاب اسی علمی سفر کی ایک اہم کڑی قرار دی جا رہی ہے۔ تقریب کی نظامت کے فرائض نوجوان شاعر اور ہزارگی اکیڈمی کے سیکرٹری جنرل محمد علی سائل نے انجام دیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہزارگی اکیڈمی کے صدر اور ممتاز دانشور احمد علی بیگ، ماہنامہ سیپت کے مدیر منظور پویا، معروف قلمکار کوثر علی کوثر، ممتاز ڈرامہ نگار و افسانہ نویس نسیم جاوید، نامور مصنف و مترجم مرزا آزاد، براہوی اکیڈمی کے ایگزیکٹو ممبر اکبر ساسولی اور نامور شاعر و ادیب شفقت عاصمی نے کتاب کے مختلف پہلوؤں پر اظہارِ خیال کیا اور مصنف کی علمی و تحقیقی کاوش کو سراہا۔ مقررین نے کہا کہ ہزارہ قوم کی تاریخ، تہذیب، اجتماعی شعور اور قومی جدوجہد کو دستاویزی اور تحقیقی انداز میں محفوظ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس حوالے سے ''The Story and Soul of the Hazara Nation'' ایک قابلِ قدر کاوش ہے۔ یہ نئی نسل کو اپنی تاریخ اور تہذیبی شناخت سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ اس موقع پر مصنف میجر نادر علی نے کتاب کے حوالے سے ایک جامع پریزینٹیشن بھی پیش کی۔ جس میں انہوں نے کتاب کے بنیادی موضوعات، تاریخی پس منظر، تحقیق کے اہم نکات اور تصنیف کے مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کتاب کی تیاری کے دوران پیش آنے والے تحقیقی مراحل اور تاریخی مواد کے انتخاب سے متعلق بھی شرکاء کو آگاہ کیا۔ پروگرام کے آخر میں محترم شفقت عاصمی صاحب نے میجر نادر علی صاحب کو اپنی کتاب کا تحفہ پیش کیا جبکہ میجر نادر علی صاحب نے اپنے دست مبارک سے صدر ہزارگی اکیڈمی جناب احمد علی بیگ صاحب کو اپنی کتابوں کا تحفہ پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے میجر نادر علی کو ان کی علمی کاوش پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی ہزارہ قوم کی تاریخ، ثقافت اور اجتماعی ورثے کو محفوظ کرنے کے لیے اپنی علمی و تحقیقی خدمات جاری رکھیں گے۔ یہ تقریب نہ صرف ایک نئی کتاب کی رونمائی کا موقع تھی بلکہ اس بات کا اظہار بھی تھی کہ ہزارہ معاشرے میں اپنی تاریخ کو تحقیق، کتاب اور علمی مکالمے کے ذریعے محفوظ کرنے کا شعور مسلسل فروغ پا رہا ہے۔

زیارت ماسٹر پلان کے تحت مختلف لنک روڈز پر ترقیاتی کام جاری

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور ترقیاتی پالیسیوں کے مطابق ضلع زیارت میں زیارت ماسٹر پلان کے تحت مختلف لنک روڈز پر ترقیاتی کام جاری ہیں۔ ماسٹر پلان کے تحت لنک روڈز کی تعمیر و بحالی کا مقصد شہری علاقوں کو باہم منسلک کرنا، آمد و رفت کی سہولیات میں بہتری لانا اور عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔ متعلقہ حکام کے مطابق جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ تعمیراتی کام مقررہ معیار اور ضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے ضلع زیارت میں سڑکوں کا بنیادی ڈھانچہ مزید بہتر ہوگا اور عوام کو آمد و رفت میں سہولت میسر آئے گی۔

معاشرے کی بنیاد صحت مند ماں اور بچے سے وابستہ ہے، ڈاکٹر زہیر

غذائی ضروریات اور نومولود بچوں کی بروقت ویکسینیشن پر خصوصی توجہ دی جائے

نصیر آباد (خ ن) ماں اور بچے کی صحت محفوظ زچگی غذائیت اور صحت سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کے سلسلے میں نصیر آباد میں ایک آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دریندر لعل، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر الیاز حسین جمالی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر نیشنل پروگرام ڈاکٹر زہیر حسین نے کی جبکہ ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت کے افسران و اہلکاران ضلعی سربراہان طبی عملے سماجی کارکنوں سول سوسائٹی اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کے ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں آگاہی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ماں اور بچے کی صحت، محفوظ زچگی حاملہ خواتین کی بروقت طبی نگہداشت بچوں کی بہتر نشوونما حفاظتی ٹیکہ جات متوازن غذا اور صحت کی بنیادی سہولیات کے استعمال سے متعلق پیغامات درج تھے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دریندر لعل نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی بنیاد صحت مند ماں اور صحت مند بچے سے وابستہ ہے۔ حاملہ خواتین کو دورانِ حمل باقاعدگی سے طبی معائنہ ضروری ادویات اور متوازن غذا کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زچگی کے دوران ماہر طبی عملے کی خدمات تک رسائی یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی جانب سے آگاہی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

یاسر اقبال دشتی کا تربت میں واقع چلڈرن اینڈ فیملی پارک کا دورہ

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے تربت میں واقع چلڈرن اینڈ فیملی پارک کا دورہ کیا اور بی ایس ڈی آئی کے تحت پارک کی تزئین و آرائش، بحالی اور خوبصورتی کے لیے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیچ نے پارک کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام و کام کرنے والی ٹیم کو ہدایت کی کہ کام میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام ترقیاتی کام مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ چلڈرن اینڈ فیملی پارک شہریوں، بالخصوص بچوں اور خاندانوں کے لیے تفریح کا ایک اہم مرکز ہے لہٰذا اپیل کی ہے کہ صوبہ بلوچستان سے بند کی جانے والی تمام مسافر ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ یونین رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جہاں عوام کو پہلے ہی سفری سہولیات کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ پاکستان ریلوے غریب اور متوسط طبقے کے لیے سفر کا سب سے سستا، محفوظ اور قابل اعتماد ذریعہ ہے۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے عوام، مزدور، طلبہ، مریض اور چھوٹے تاجر ریلوے کی سفری سہولت پر انحصار کرتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سبی سے ہرنائی مسافر ٹرین کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ ہرنائی اور گردونواح کے عوام کو ایک بار پھر سستی اور آسان سفری سہولت میسر آسکے۔ اسی طرح کوئٹہ سے چمن مسافر ٹرین کی بحالی بھی انتہائی ضروری ہے، کیونکہ چمن اور کوئٹہ کے درمیان روزانہ ہزاروں شہری، مزدور، طلبہ اور کاروباری افراد سفر کرتے ہیں۔ مشترکہ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ کوئٹہ سے کراچی کے لیے بولان میل کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ بولان میل بلوچستان کے عوام کے لیے خصوصی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ کراچی میں علاج، روزگار، تعلیم اور کاروبار کے سلسلے میں جانے والے غریب اور متوسط طبقے کے افراد کے لیے یہ ایک سستی اور اہم سفری سہولت تھی۔ یونین رہنماؤں نے مزید مطالبہ کیا کہ نواب اکبر بگٹی ایکسپریس کو بھی بحال کیا جائے تاکہ کوئٹہ اور بلوچستان کے عوام کو بالائی سندھ اور جنوبی پنجاب کے مختلف علاقوں سے دوبارہ ریلوے کے ذریعے جوڑا جا سکے۔ یہ ٹرین مختلف علاقوں اور شہروں، بالخصوص جیکب آباد، کشمور، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، کوٹ ادو، فیصل آباد اور لاہور سمیت دیگر علاقوں تک عوام کو سفری سہولت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

ریلوے میں نئی بھرتیوں کا آغاز کیا جائے، شیر محمد بلوچ

متوسط طبقے کے لیے سفر کا سب سے سستا، محفوظ اور قابلِ اعتماد ذریعہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت، چیئرمین جاوید مینگل، وائس چیئرمین حسن خان، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید، سینئر نائب صدر عرفان جان، انفارمیشن سیکرٹری محمد یاسر بلوچ، سگنل یونٹ کے صدر رضا محمد کھوسہ، میڈیا کوآرڈینیٹر محمد حمزہ اور دیگر ساتھیوں نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف، وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور پاکستان ریلوے کے اعلیٰ حکام سے پرزور اپیل کی ہے کہ صوبہ بلوچستان سے بند کی جانے والی تمام مسافر ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ یونین رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جہاں عوام کو پہلے ہی سفری سہولیات کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ پاکستان ریلوے غریب اور متوسط طبقے کے لیے سفر کا سب سے سستا، محفوظ اور قابل اعتماد ذریعہ ہے۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے عوام، مزدور، طلبہ، مریض اور چھوٹے تاجر ریلوے کی سفری سہولت پر انحصار کرتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سبی سے ہرنائی مسافر ٹرین کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ ہرنائی اور گردونواح کے عوام کو ایک بار پھر سستی اور آسان سفری سہولت میسر آسکے۔ اسی طرح کوئٹہ سے چمن مسافر ٹرین کی بحالی بھی انتہائی ضروری ہے، کیونکہ چمن اور کوئٹہ کے درمیان روزانہ ہزاروں شہری، مزدور، طلبہ اور کاروباری افراد سفر کرتے ہیں۔ مشترکہ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ کوئٹہ سے کراچی کے لیے بولان میل کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ بولان میل بلوچستان کے عوام کے لیے خصوصی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ کراچی میں علاج، روزگار، تعلیم اور کاروبار کے سلسلے میں جانے والے غریب اور متوسط طبقے کے افراد کے لیے یہ ایک سستی اور اہم سفری سہولت تھی۔ یونین رہنماؤں نے مزید مطالبہ کیا کہ نواب اکبر بگٹی ایکسپریس کو بھی بحال کیا جائے تاکہ کوئٹہ اور بلوچستان کے عوام کو بالائی سندھ اور جنوبی پنجاب کے مختلف علاقوں سے دوبارہ ریلوے کے ذریعے جوڑا جا سکے۔ یہ ٹرین مختلف علاقوں اور شہروں، بالخصوص جیکب آباد، کشمور، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، کوٹ ادو، فیصل آباد اور لاہور سمیت دیگر علاقوں تک عوام کو سفری سہولت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

عوامی مسائل پر توجہ دینا ایک بڑی ذمہ داری ہے، ملک نجور

لورالائی (این این آئی) لورالائی کے عوامی سیاسی و سماجی حلقوں اور کلی کچھ عمقریی کے رہائشی ملک نجور نے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی انتظامی صلاحیتوں، محنت، دیانت داری اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایک ایماندار، محنت کش، فرض شناس اور عوام دوست افسر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک سرکاری افسر کی اصل پہچان اس کا عہدہ نہیں بلکہ اس کی دیانت داری، کردار، محنت، انصاف پسندی اور عوام کے مسائل کے حل کے لیے عملی جدوجہد ہوتی ہے کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع ایک تجربہ کار اور ذمہ دار افسر کی حیثیت سے لورالائی کے انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی جیسے اہم ضلع میں امن و امان، صفائی، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور عوامی مسائل پر توجہ دینا ایک بڑی ذمہ داری ہے۔

سوراب، تبلیغی اجتماع کے انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس

سیکیورٹی، ٹریفک اور دیگر انتظامات کو بروقت مکمل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، بریفنگ

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت سوراب میں منعقد ہونے والے تبلیغی اجتماع کے انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ، تبلیغی امیر ڈاکٹر نثار احمد، امیر عبدالعزیز، مولانا محمد عیسیٰ سمیت تبلیغی جماعت کے دیگر ذمہ داران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران تبلیغی اجتماع کے حوالے سے سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، شرکاء کی آمد و رفت، انتظامی امور اور دیگر ضروری انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر اجتماع کے دوران امن و امان برقرار رکھنے اور شرکاء کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لیے باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ سوراب تبلیغی اجتماع 27 ستمبر 2026 کو شروع ہوگا اور 29 ستمبر 2026 کو اختتام پذیر ہوگا اجتماع میں بڑی تعداد میں افراد کی شرکت متوقع ہے، جس کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیکیورٹی، ٹریفک اور دیگر انتظامات کو بروقت مکمل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اجلاس کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، امن و امان اور اجتماع کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجتماع کے دوران شرکاء اور عام شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی روانی اور امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں اجلاس کے شرکاء نے اجتماع کو پرامن اور منظم انداز میں منعقد کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ میں سلمان آصف کا ریاست مدینہ اور پاکستان پر لیکچر

ہر شہری کو اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے مثبت کردار ادا کرنا چاہیے: سلمان آصف

کوئٹہ (آن لائن) الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ نے ریاست مدینہ اور پاکستان کے عنوان سے ایک خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا۔ ایجوکیشن فزیالوجسٹ، پیرنٹ کاونسلر، آتھر، ڈائریکٹر ای آر ڈی سی سلمان آصف صدیقی نے لیکچر دیا۔ خصوصی لیکچر کے پروگرام میں الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ کی طالبات کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ سواں گارڈن اسلام آباد کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے خصوصی لیکچر کے پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت خنساء بلال نے حاصل کی، نعت رسول مقبول ثمن زبیر نے پیش کی۔ بعد ازاں الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ کی پرنسپل محترمہ لبنیٰ حشمت نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ نشست اس فرق کو سمجھنے کیلئے رکھی گئی ہے کہ ریاست مدینہ سے پاکستان ابھی کتنی دور ہے اور اس فاصلے کو کم کرنے کیلئے کن اقدامات کی ضرورت ہے، بعد ازاں مقرر خصوصی سلمان آصف صدیقی نے سیر حاصل گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور مدینہ دونوں اسلام کے نام پر حاصل ہوئے، ہمارے بزرگوں نے اللہ تعالیٰ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ ہمیں ایک آزاد سرزمین عطا فرمائے تو ہم اس میں اسلام کا نظام قائم کریں گے اور انفرادی و اجتماعی زندگی، عدلیہ اور دیگر تمام اداروں کو شریعت کے تابع رکھیں گے، اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا کرتے ہوئے ہمیں یہ پاک سرزمین عطا فرمائی، مگر افسوس کہ ہم اللہ تعالیٰ سے کیے گئے اپنے وعدے کو پورا نہ کر سکے۔ سلمان آصف صدیقی نے کہا کہ مدینہ حاصل ہونے کے بعد نبی پاک ﷺ نے آزادی کا جشن نہیں منایا بلکہ اس سرزمین پر اللہ کی حکمرانی قائم کرنے کی فکر کی، آپ ﷺ گورنر داری، دولت اور دیگر دنیاوی مراعات کی پیشکش کی گئی، مگر آپ ﷺ نے ان سب کو ٹھکرا کر لوگوں کے دلوں کو بدلنے اور ان میں توحید و ایمان کے بیج بونے کی جدوجہد کو ترجیح دی، توحید و ایمان کا یہی بیج پاکستان کے حصول میں بھی بنیادی حیثیت رکھتا تھا، پاکستان کا مطلب کیا؟ کا نعرہ تو بلند کیا گیا، لیکن افسوس کہ ہم نے اس کے حقیقی مفہوم پر مطلوبہ توجہ نہ دی، آج ضرورت اس امر کی ہے کہ پہلے اس کلمے کو اپنے دلوں میں اتارا جائے، پھر اسی کے مطابق پاکستان کے ہر شعبے، بشمول عدلیہ اور دیگر اداروں کو اسلامی اصولوں کے تابع کرنے کی جدوجہد کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے، اس لیے اس کی قدر کرنا اور اس کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ضروری ہے اگر آج حالات ہمارے مطابق نہیں تو پاکستان سے بدظن ہونے کے بجائے اس کی اصلاح اور اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی سے میر محمد نواز کنگوزئی ریکی، اور میر فاروق کنگوزئی ریکی ملاقات کر رہے ہیں

اوچ پاور پلانٹ ایک اہم قومی تنصیب ہے، وریندر لعل

اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل سے اوچ پاور پلانٹ کے پبلک ریلیشنز آفیسر محمد طارق خان جمالی نے ملاقات کی اس موقع پر قادر خان کھوسہ، منظور شیرازی و دیگر موجود تھے طارق خان جمالی نے اوچ پاور پلانٹ کی موجودہ صورتحال سکیورٹی انتظامات اور مجموعی سکیورٹی صورتحال کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو تفصیلی بریفنگ دی بریفنگ کے دوران اوچ پاور پلانٹ کی اہمیت، تنصیب کے اطراف موجودہ سکیورٹی صورتحال، سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کسی بھی ممکنہ خطرے سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا پبلک ریلیشنز آفیسر محمد طارق جمالی نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو پاور پلانٹ میں سکیورٹی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات، سکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی، داخلی و خارجی راستوں کی نگرانی اور دیگر حفاظتی انتظامات سے بھی آگاہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے کہا کہ اوچ پاور پلانٹ ایک اہم قومی تنصیب ہے، جس کی حفاظت اور سکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر تمام حفاظتی اقدامات کا مسلسل جائزہ لیا جائے اور کسی بھی ممکنہ صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے انہوں نے کہا کہ اہم تنصیبات کی سکیورٹی کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ عوامی و قومی اہمیت کی تنصیبات کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

شادی کور ڈیم سے پانی کی فراہمی میں اضافہ کیا گیا ہے، نورالحق بلوچ

گوادر میں خاطر خواہ بارشیں نہ ہونے کے باعث آبی ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں گوادر شہر کو پانی کی فراہمی کے ذرائع، موجودہ صورتحال اور مستقبل کے واٹر مینجمنٹ پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات کے دوران گوادر کے مرکزی آبی ذریعہ سوڈ ڈیم میں پانی کی سطح ڈیڈ لیول تک پہنچنے کے پیش نظر آنے والے مہینوں میں پانی کی ممکنہ قلت سے نمٹنے کے لیے حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ گوادر میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے کوآرڈینیٹر برائے واٹر اینڈ پاور کرائسز کی ذمہ داریاں بھی انجام دے رہے ہیں۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، پراجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں اس امر کا جائزہ لیا گیا کہ اگر آئندہ چند ماہ کے دوران بارشیں نہ ہوئیں تو گوادر میں ممکنہ پانی کے بحران سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گوادر کو پانی فراہم کرنے والے مرکزی ذریعہ سوڈ ڈیم میں پانی کی سطح انتہائی کم ہو چکی ہے اور اس وقت پمپنگ کے ذریعے پانی حاصل کیا جا رہا ہے۔ متبادل ذریعے کے طور پر شادی کور ڈیم سے پانی کی فراہمی میں اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ چائنیز واٹر ڈی سیلینیشن پلانٹ کو مکمل استعداد کار کے ساتھ چلانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس مقصد کے لیے ضروری فنڈز کی فراہمی کے سلسلے میں صوبائی حکومت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی کو بتایا گیا کہ اس وقت سوڈ ڈیم اور شادی کور ڈیم سے مجموعی طور پر تقریباً 30 سے 35 لاکھ گیلن پانی روزانہ حاصل کر کے گوادر شہر کو فراہم کیا جا رہا ہے۔ الحمدللہ اس وقت شہر میں پانی کی فراہمی بلا تعطل جاری ہے اور پانی کے حوالے سے کوئی بڑا مسئلہ درپیش نہیں۔ تاہم اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ گزشتہ تقریباً پونے تین سال کے دوران گوادر میں خاطر خواہ بارشیں نہ ہونے کے باعث آبی ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ایس او ایس چلڈرن ویلیج میں منعقدہ تقسیم ایوارڈ تقریب میں پروفیشنل ٹریننگ کے اختتام پر طالبات میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

بلوچستان کے نوجوان صوبے کا قیمتی اثاثہ ہیں، بلال خان

میرٹ پر اہل افراد کی تقرری سے سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر ہوگی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے میرٹ کے فروغ اور ملازمتوں کی فروخت کی روک تھام کے لیے بیورو کریسی سے حلف لینے کے اقدام کو تاریخی اور قابلِ تحسین پیش رفت قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ اقدام صوبے میں شفافیت، میرٹ اور گڈ گورننس کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے، جس سے نوجوانوں کا سرکاری اداروں پر اعتماد بحال ہوگا اور انہیں سفارش یا مالی مفادات کے بجائے قابلیت اور اہلیت کی بنیاد پر روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان صوبے کا قیمتی اثاثہ ہیں اور انہیں اپنی صلاحیتوں کے مطابق آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ ملازمتوں کی خرید و فروخت نہ صرف نوجوانوں کے ساتھ ناانصافی بلکہ اداروں کی کارکردگی اور ساکھ کو بھی متاثر کرتی ہے۔

سلمان علی بلیدی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم ایس/ ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر یوسف ثانی، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس فضل محمد قمبرانی، محکمہ خزانہ کے نمائندے، پی پی ایچ آئی کے نمائندے سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری، سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مختلف مراکز صحت کی کارکردگی اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی تعیناتی، تنخواہوں کی ادائیگی، ڈائیلاسز یونٹ (OT) اور طبی مشینری کی دستیابی و فعالیت سمیت دیگر اہم امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے ضروری اقدامات پر غور کیا گیا۔

ڈیرہ مراد جمالی، پرائیویٹ اسکولوں کے اساتذہ اور بچوں کی احتجاجی ریلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں قتل و غارت گیری بدامنی موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات کے خلاف پرائیویٹ سکولوں کے اساتذہ اور طلباء کی جانب سے احتجاجی ریلی قومی شاہراہ پر دھرنا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں بدامنی طلباء و عام شہریوں سے آئے روز موٹر سائیکل چھیننے ودیگر واقعات کے خلاف پرائیویٹ سکولوں سے اساتذہ کرام گل محمد مستوئی، سرولی محمد زہری، امان اللہ مینگل، محمد علی عابدی سولنگی و سینکڑوں طلباء نے ایک پرامن احتجاجی ریلی نکالی اور ڈی سی چوک ڈیرہ مراد جمالی قومی شاہراہ پر دھرنا دے دیا جس سے ٹریفک کی روانگی متاثر ہوئی شرکاء نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں بدامنی عروج پر ہے سکول کے بچوں سے بھی صبح کے اوقات کار میں موٹر سائیکل چھینے جا رہے ہیں بدامنی سے اساتذہ طلباء اور عام شہری سخت پریشان ہیں امن و امان کا قیام اور جان و مال کی حفاظت کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے پولیس اپنی ذمے داریاں نبھانے میں ناکام ہو چکی ہے چھینے گئے موٹر سائیکلوں کی برآمدگی فوری طور پر نہ ہوئی تو سخت احتجاج کا دائرہ کار اختیار کریں گے بعد ازاں اساتذہ کرام نے ایس ایس پی نصیر آباد سے ملاقات کر کے ان کو آگاہ کیا جس پر یقین دہانی کرائی گئی کہ ملزمان جلد گرفتار ہونگے۔

اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرا کی سربراہی میں کھلی کچہری

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی کاوشوں سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات اور کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایات کی روشنی میں ضلع جعفر آباد میں پہلی مرتبہ خواتین کے مسائل معلوم کرنے اور ان کے بہتر حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جو اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرا کی سربراہی میں منعقد ہوئی، جس میں ضلع کے تمام متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں جعفر آباد سے تعلق رکھنے والی کثیر تعداد میں خواتین نے بھرپور شرکت کی اور تعلیم، صحت، آب نوشی، سرکاری ملازمتوں میں خواتین کے جائز حصے، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں درپیش مشکلات سمیت دیگر مسائل سے ضلعی افسران کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر تمام خواتین سائلین کی شکایات فرداً فرداً اور بالترتیب سنی گئیں، جبکہ متعلقہ محکموں کے افسران نے ان کے مسائل اور شکایات پر جوابات فراہم کیے اور ممکنہ حل کے حوالے سے آگاہی دی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جھٹ

1 بقیہ

القاعدہ کو اپنی تنظیم مضبوط کرنے کا موقع دیا۔رپورٹ کے مطابق افغانستان کے مختلف علاقوں میں محفوظ رہائش گاہیں اور تربیتی کیمپ موجود ہونے کی اطلاعات ہیں۔تاہم امریکی اور مغربی حکام کے مطابق افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں کا طور طریقہ اب پہلے جیسا نہیں رہا۔رپورٹ کے مطابق طالبان بھی کسی ایسی سرگرمی کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا ہے جس کے نتیجے میں طالبان اپنی حکومت سے محروم ہونے پر مجبور ہو جائیں۔افغان حکومت کی دہشت گرد گروہوں کی تحریکاتی کوششوں کے اندازے کے مطابق القاعدہ کے ارکان نے ٹی ٹی پی کے جنگجوؤں کو خوش حال علاقوں میں تربیت فراہم کی ہے۔معاملہ یہاں تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ القاعدہ کے اعلیٰ کمانڈروں کو بھی مختلف صوبوں میں موجود القاعدہ کے ارکان نے ٹی ٹی پی کے جنگجوؤں کو خوش حال علاقوں میں تربیت فراہم کی۔

1

طرز حکمرانی کے لیے ان کی استعداد کار میں اضافہ کرنا وسیع کیڈر میں خریداری کو بہتر بنانے کے لیے ان کی استعداد کار بھی میں اضافہ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت خریداری اور مقامی کنوامیوں میں ترسیل کیلئے ایک ماہ کا وقت دیا گیا ہے۔

2

16

سیمت 2 نوزائیدہ کو ہلاک کرنے کا اعتراف کرلیا

3

17

ضلع اور ڈاکٹر ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ادویات کی کمی کا معاملہ، ڈی سی کی ہسپتال کا دورہ، ڈاکٹروں کی حاضری یقینی بنانے کا حکم

4

18

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

5

19

خان زمری کے ایک کروڑ روپے میں پانی پلانٹ لگانے کے دعوے پر شہری حیران، ایک ہزار روپے ماہانہ کے عوض 20 لیٹر کے 4 کین فراہم کرنے کا منصوبہ

6

20

ضلع کونسل کے سروسز ڈویژن کے ملازمین کی تنخواہوں میں 5 ہزار روپے ماہانہ اضافہ کی منظوری

7

21

ضلع کونسل کے ملازمین کی تنخواہوں میں 5 ہزار روپے ماہانہ اضافہ کی منظوری

8

22

ڈی سی کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ، ڈاکٹروں کی حاضری یقینی بنانے کا حکم

9

23

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

10

24

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

11

25

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

12

26

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

13

27

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

14

28

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

15

29

ڈاکٹر کی 18 گھنٹے ڈیوٹی کے خلاف ڈاکٹروں کا احتجاج، ہسپتال کی او پی ڈی بند، ایمرجنسی سروسز فراہم

30

31

32

33

34

35

36

37

38

39

40

41

42

43

44

45

46

47

48

49

50

51

52

53

54

55

56

57

58

59

60

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

ہمیں تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، ضیاء لانگو

حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے، صوبائی وزیر داخلہ

ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسا بلوچستان اور پاکستان تشکیل دینا ہوگا جہاں امن، تعلیم، روزگار، ترقی اور خوشحالی ہو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں اب اس بحث سے نکلنا ہوگا کہ مذاکرات کس سے ہونے چاہئیں اور کس سے نہیں، بلکہ اپنی توجہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور عوام کے بہتر مستقبل پر مرکوز کرنا ہوگی ہمیں مل کر دہشت گردی، تشدد اور نفرت کو مسترد کرنا ہوگا جو عناصر ہمارے امن کو تباہ، عوام کو تقسیم اور معصوم جانوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، ان کے عزائم کو کامیاب نہیں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7پر)

بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا محکمہ اجناس کے مطابق بلوچستان حکومت (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7پر)

عوام کے بنیادی حقوق اور محرومیوں کے ازالے کو یقینی بنایا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

جنگوں، سیاسی عدم استحکام اور معاشی دباؤ کو فروغ دیا، جس کے منفی اثرات آج بھی پوری دنیا کو بھگتنا پڑ رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ دنیا میں امن وامان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے، امریکہ نے اپنے مفادات کے حصول کے لیے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7پر)

مستونگ، فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن

افغان خارجی کمانڈر سمیت 2 خارجیوں کو ہلاک کر کے ان کی گاڑی تباہ کردی

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن رد الفتنہ تھری کے تحت بلوچستان کے علاقے مستونگ کردگاپ میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کی گاڑی تباہ کردی سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن رد الفتنہ تھری کے تحت بلوچستان کے علاقے مستونگ کردگاپ میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کی گاڑی تباہ کردی سیکورٹی ذرائع کے مطابق اتوار کو ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں واقعہ پی ایم ڈی سی کول مائن 151 میں زہریلی گیس بھر جانے کے باعث زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں 9 کارکن ملبے تلے دب گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں اور مقامی انتظامیہ نے ریسکیو آپریشن شروع کردیا۔ ریسکیو آپریشن کے دوران کانکن سے 4 کانکنوں کی نعشیں اور 5 کو زخمی حالت میں نکال کر ہسپتال پہنچادیا گیا جہاں نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقے سوات روانہ کردیا گیا اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔ مقامی انتظامیہ مزید کارروائی کر رہے ہیں۔

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ کی کارروائی کے دوران 14 گداگروں کو تحویل میں لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے عملے نے مشترکہ کارروائی کے دوران 14 (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7پر)

پٹرولیم لیوی کے نام پر عوام سے وصول کیا جانے والا بھتہ ٹیکس قبول نہیں: حافظ نعیم الرحمٰن

پٹرولیم لیوی کا بوجھ طالب علم، مزدور، کسان، دیہاڑی دار سمیت ہر شہری برداشت کر رہا ہے، ثمینہ سعید

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے نام پر عوام سے وصول کیا جانے والا بھتہ ٹیکس ناقابل قبول ہے اس کو ختم نہ کیا گیا تو جماعت اسلامی کی تحریک حکومت گراؤ تحریک میں تبدیل ہوسکتی ہے، حکمران اپنی عیاشیاں، شاہانہ اخراجات، مفت پٹرول وبجلی اور مراعات ختم کرکے عوام کو ریلیف دیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ 20 ستمبر کو پورے پاکستان سے لوگ اسلام آباد کی طرف آئیں گے اور مختلف راستوں سے شہر میں داخل ہوکر لانگ مارچ کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے یہ بات آبپارہ چوک اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

عالمی برادری کو جنگ کے خاتمے کیلئے مذاکرات کی راہ اپنانی ہوگی، سینیٹر عبدالقادر

جی 20 اجلاس میں ممکنہ پیوٹن، زیلنسکی ملاقات روس، یوکرین جنگ کے خاتمے کی جانب اہم سفارتی پیش رفت ثابت ہوسکتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی کی جانب سے وسمبر میں میامی میں ہونے والے جی 20 اجلاس کے موقع پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات پر آمادگی روس-یوکرین جنگ کے خاتمے کی کوششوں میں ایک اہم سفارتی پیش رفت ثابت ہوسکتی ہے۔ تاہم روسی صدر کی اجلاس میں شرکت اور دونوں رہنماؤں کی ملاقات تاحال حتمی نہیں ہوئی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پائیدار (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

ریاست مخالف بیانیے پر 100 سرکاری ملازمین برطرف، 95 یونیورسٹی اساتذہ شامل ہیں، بابر یوسفزئی

ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی جاری رہے گی

کوئٹہ: محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے ریاست مخالف بیانیہ چلانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 100 سرکاری ملازمین کو ملازمتوں سے برطرف کردیا، برطرف ہونے والوں میں 95 یونیورسٹی اساتذہ بھی شامل ہیں۔ معاون محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی کے مطابق برطرف سرکاری ملازمین پاکستان مخالف بیانیہ چلا رہے تھے اور انہوں نے سرکاری حلف کی خلاف ورزی کی۔ ریاست کے خلاف بیانیے پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مراعات حاصل کرنے کے باوجود پاکستان کے خلاف زہر اگلنے کا سلسلہ برداشت (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)



کوئٹہ صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں جھالاوان سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے سیاسی، قبائلی وعلاقائی نمائندین ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے کالجز میں تمام تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے کالجز میں تمام تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ ڈائریکٹوریٹ آف کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن بلوچستان نے صوبے کے تمام سرکاری بوائز، گرلز، پوسٹ گریجویٹ، ڈگری اور انٹر کالجز میں کسی بھی تقریب یا تنظیمی سرگرمی کے انعقاد پر پابندی عائد کردی۔ ڈائریکٹر کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن بلوچستان کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق محکمہ داخلہ و قبائلی امور بلوچستان کے 9 جولائی 2020 کے احکامات کی روشنی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7پر)

جعفرآباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا۔ پولیس کے مطابق جعفرآباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار صحبت پور چوک پر قائم پرائیویٹ کلینک میں ایک عطائی ڈاکٹر نے بخار کے لیے ایک آٹھ سالہ بچے کو انجکشن لگایا انجکشن ریکشن کرنے کے باعث بچے نے ماں باپ کے سامنے تڑپ کر جان دیدی بچے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7پر)

اوستہ محمد، موٹر سائیکل چھیننے کی واردات میں مزاحمت پر شہری شدید زخمی اقلیتی تاجر لٹ گیا

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں بدامنی کی لہر، موٹر سائیکل چھیننے کی واردات میں مزاحمت پر شہری شدید زخمی اقلیتی تاجر بھی لٹ گیا اوستہ محمد سٹی پولیس تھانہ کے حدود خانپور پل کے قریب ڈاکوؤں نے حاکم علی عمرانی سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر ڈاکوؤں نے فائر کرکے حاکم عمرانی کو شدید زخمی کردیا جنہیں فوری طور (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7پر)

جھالاوان مزید سانحات اور افسوسناک واقعات کا متحمل نہیں ہوسکتا، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

زہری میں پائیدار امن، تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون کریگی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے زہری سمیت جھالاوان کے قبائلی عمائدین، سیاسی اکابرین اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں پر مشتمل وفود نے ملاقات کی ملاقات کے دوران جھالاوان، بالخصوص زہری میں قیام امن اور روزمرہ زندگی کی بحالی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے خطے میں پائیدار امن کے قیام اور معمولاتِ زندگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفود سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7پر)

بھنگ کی کاشت کے خاتمے کیلئے کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، حسیب شجاع

انسدادِ بھنگ مہم کے دوران ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی کمیٹی برائے انسدادِ منشیات کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں بھنگ کی کاشت کے خلاف جاری مہم، سروے اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی، ایس ڈی پی او محمد اعظم، محکمہ ایکسائز وانٹی نارکوٹکس اور دیگر متعلقہ محکموں سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں بھنگ کی ممکنہ کاشت کی نشاندہی کے لیے کیے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7پر)

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی

متعدد افراد گرفتار، رائفل، 2 میگزین اور بھاری مقدار میں راؤنڈ برآمد کرلی گئی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور موٹر سائیکل چھیننے والوں اشتہاری، مفرور، مطلوب سمیت دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات، شراب، اسلحہ ایمونیشن اور موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ شہید امیر محمد دستی کے عملے نے سردار زیب کے قبضے سے موٹر سائیکل، 2 شراب کی بوتلیں برآمد کرلیں۔ اسی طرح شالکوٹ پولیس نے اشتہاری ملزم محمد دین کو گرفتار کرلیا۔ جبکہ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7پر)

کوئٹہ بلوچستان سول سروسز اکیڈمی میں ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی کی زیر صدارت 8ویں ایڈہاک نصابی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

گشت کے نظام کو موثر بنانے کیلئے پولیس اہلکاروں کو موٹر سائیکلوں کی فراہمی کی جاری

اوستہ محمد اور نصیرآباد کے اضلاع میں پولیس کو جرائم کی روک تھام کیلئے 15 نئی CG-125 موٹر سائیکلیں فراہم

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایات پر پولیسنگ کے نظام میں جدت، فعال اور مستحکم بنانے اور گشت کے نظام کو مزید موثر و فعالیت کے لئے اوستہ محمد اور نصیرآباد پولیس کو مجموعی طور پر 31 نئی CG-125 موٹر سائیکلیں فراہم کر دی گئیں۔ اوستہ محمد اور نصیرآباد کے اضلاع میں پولیس کو جرائم کی روک تھام، پولیس گشت اور بروقت رسپانس کو مؤثر بنانے کے لیے 15 نئی CG-125 موٹر سائیکلیں فراہم کی گئیں۔ ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن نے موٹر سائیکلوں کی چابیاں متعلقہ تھانوں کے ایس ایچ اوز اور انچارج (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7پر)

میرٹ پر ٹھیکیداروں کو ٹینڈر جاری کئے جائیں گے، نثار احمد بگٹی

لوکل گورنمنٹ میں مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے جمع کرائے گئے ٹینڈر راو پن کئے گئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساتھ (پروجیکٹ کوارڈی نیٹر) نثار احمد بگٹی نے کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مختلف کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کسی بھی ٹھیکیدار کی حق تلفی نہ ہو اور مطلوبہ شرائط پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو ترقیاتی کاموں کے آرڈر جاری کئے گئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ڈی جی لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں ٹینڈر راو پن کرنے کے موقع پر ٹھیکیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

صحت مند بچہ، خوشحال خاندان اور مضبوط پاکستان ہمارا مقصد ہے، بہادر خان لونی

"صحت مند بچہ، مضبوط پاکستان" کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

ڈی ایچ او کے فوکل پرسن ڈاکٹر محمد عزیز نے شرکاء کو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مہم کے اغراض ومقاصد، ویکسینیشن کے طریقہ کار اور بچوں و خواتین کو فراہم کی جانے والی سہولیات سے آگاہ کیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر دکی ڈاکٹر بہادر خان لونی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 14 سے 19 ستمبر تک جاری (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

تائیکوانڈو کو چنگ اینڈ ریفری جج کورس کے شرکا میں سرٹیفکیٹس تقسیم

رانا اعجاز احمد اور خادر محمود نے کوچز، ریفریز اور ججز کی فنی و تکنیکی صلاحیتیں بہتر بنانے کی تربیت دی

کوئٹہ (آن لائن) پانچویں حکیم نادر عباس تائیکونڈو چیمپئن شپ 19 ستمبر کو منعقد ہوگی۔ آرگنائزنگ کمیٹی نے حکیم نادر عباس تائیکونڈو چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد کیلئے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس منعقد کیا۔ نیشنل تائیکوانڈو کلب اور این ایس تائیکونڈو کلب کے اشتراک سے تائیکوانڈو کے کھیل کو جدید خطوط پر فروغ دینے، کوچز اینڈ ریفریز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھیل کے قوانین سے آگاہی کیلئے منعقد ہونے والے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس میں مختلف سکولز اور کالجز سے تعلق رکھنے والے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7پر)

قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا، نور محمد دمڑ

مزدوروں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی کے علاقے شاہرگ کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دھماکے میں 4 کانکنوں کے جاں بحق اور 5 کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر اور ڈسٹرکٹ فوکل پرسن نے جاں بحق کانکنوں کے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحے سے وہ خود بھی غمزدہ ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی کانکنوں کی جلد صحت یابی کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

بلوچستان کے حالات تجزیوں اور خبروں سے کہیں زیادہ خراب ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

بدامنی بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش کے خلاف آج بھی جماعت اسلامی ملک بھر میں عوامی احتجاج کی قیادت کر رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری، بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش کے خلاف آج بھی صرف جماعت اسلامی ملک بھر میں عوامی احتجاج کی قیادت کر رہی ہے۔ 20 ستمبر کا اسلام آباد لانگ مارچ وقت کی اہم ضرورت ہے جماعت اسلامی کے تمام سطح کے ذمہ داران بھرپور تیاریاں شروع کریں۔ بلوچستان کو ایک لاوارث، ریگستان اور نوگو ایریا بنایا جارہا ہے۔ عوام بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

بلوچستان سول سروسز اکیڈمی (BCSA)، کوئٹہ میں 8ویں ایڈہاک نصابی کمیٹی کا اجلاس

کمشنر ز وسیکشن آفیسرز کے لیے پہلے پری سروس تربیتی پروگرام کے نصاب پر غور کیا گیا اور منظوری دی گئی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سول سروسز اکیڈمی (BCSA)، کوئٹہ میں 8ویں ایڈہاک نصابی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی، ڈائریکٹر جنرل بی سی ایس اے نے کی۔ اجلاس میں اعلیٰ سرکاری حکام، ماہرینِ تعلیم اور متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ مواصلات، تعمیرات، فزیکل پلاننگ و ہاؤسنگ کے انجینئرز سب ڈویژنل آفیسرز کے لیے 12 ہفتوں کے پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے سپرنٹنڈنٹس و آفس کوآرڈینیٹرز کے لیے 8 ہفتوں کے تربیتی پروگرام اور اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین گورنمنٹ گرلز کالج صحبت پور کے دورے کے دوران تدریسی عمل کا جائزہ لے رہی ہیں

غلط پالیسیوں کی وجہ سے منافع بخش ادارے تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، رمضان اچکزئی

ٹریڈ یونینز پر پابندی کو ختم اور بین الاقوامی حقوق تسلیم کرکے قومی اداروں کی نجکاری بند کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کے صوبائی صدر حاجی رمضان اچکزئی، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان نے 63 یونین پر پابندی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوانین کی خلاف ورزی ہے کیونکہ آئین ہر شہری کو یونین اور پارٹی بنانے کا حق دیتا ہے ٹریڈ یونینز پر پابندی کو ختم اور بین الاقوامی حقوق تسلیم کرکے قومی اداروں کی نجکاری بند کی جائے۔ کوئل مائنز میں حادثات کی روک تھام اور مالکان کیخلاف کے کارروائی کرکے مزدوروں کے حقوق کے حصول اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7پر)

آٹے کی سیل کاٹیں اور زر خوں میں کمی لائی جائے، میپ، پشتونخوا

آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب وسندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار، حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے

عوام پہلے ہی شدید مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں 20 کلو آٹے کا تھیلا تقریباً 3000 روپے جبکہ 100 کلو آٹے کی بوری تقریباً 15000 روپے تک پہنچ چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب وسندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور فلور ملز کی جانب سے آٹے کی قیمتوں میں مزید کمی نہ کرنے کا بیان انتہائی افسوسناک ہے۔ ایک طرف غریب عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں جبکہ دوسری جانب مسلط فارم 47 کی حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر غیر سنجیدہ دکھائی دے رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبہ پنجاب سے بلوچستان گندم لانے پر پابندی عائد کرنا قابل افسوس ہے۔ اسی طرح سندھ سے گندم کی ترسیل میں مشکلات کے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع ایماندار، محنت کش اور عوام دوست افسر ہیں، ملک نجور

لورالائی (این این آئی) لورالائی کلی کچھ عمرقریی کے رہائشی ملک نجور نے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی انتظامی صلاحیتوں، محنت، دیانت داری اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایک ایماندار، محنت کش، فرض شناس اور عوام دوست افسر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ملک نجور کا کہنا ہے کہ ایک سرکاری افسر کی اصل پہچان اس کا عہدہ نہیں بلکہ اس کی دیانت داری، کردار، محنت، (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

پشتونخوا میپ کا سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شرافت آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر گہرے رنج وغم (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7پر)

کوہستان مری میں محکمہ اریگیشن کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری

ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور مقررہ مدت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، محمود خان

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ اریگیشن کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ایکسین ایگزیکٹو انجینئر محکمہ اریگیشن محمود خان مندوخیل نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کرکے جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا اور منصوبوں پر پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین اریگیشن محمود خان مندوخیل نے کوہلو میں جاری مختلف منصوبوں کا معائنہ کیا، جن میں نزد نیو ٹرک اڈا فلڈ پروٹیکشن وال، کوہلو شہر میں فلڈ پروٹیکشن وال جبکہ ضلع کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی میں زیر تعمیر فلڈ پروٹیکشن وال شامل ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ حکام اور عملے سے منصوبوں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور کام کی رفتار کے حوالے سے بریفنگ بھی لی۔ اس موقع پر ایکسین اریگیشن محمود خان مندوخیل نے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

وڈھ، شٹر ڈاؤن، قومی شاہراہ پر دھرنا، 30 گھنٹے بعد ٹریفک بحال

سونارو اور وڈھ سٹی میں مظاہرین کا نعشیں شاہراہ پر رکھ کر احتجاج، دونوں اطراف گاڑیوں کی طویل قطاریں

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ کے علاقے سونارو میں گزشتہ روز پیش آنے والے واقعے کے خلاف وڈھ شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی، جبکہ مظاہرین نے سونارو اور وڈھ سٹی کے قریب قومی شاہراہ پر دھرنا دے کر ٹریفک کی آمدورفت مکمل طور پر معطل کردی۔ ذرائع کے مطابق وڈھ سٹی اور سونارو کے مقامات پر مظاہرین نے احتجاج کے دوران نعشیں قومی شاہراہ پر رکھ کر سڑک کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کردیا، جس کے باعث شاہراہ کے دونوں اطراف گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں اور سینکڑوں مسافر کئی گھنٹوں تک پھنسے رہے۔ مظاہرین (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح ناصر قابل ذمہ دار آفیسر ہیں رفیق جتک

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاسی ورکر اور ن لیگ سریاب کے رہنما رفیق جتک اور حیات بنگلزئی نے جاری کردہ بیان میں خوش اخلاق اور قابل سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح ناصر کی کاوشوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے آفیسران نہ صرف محکمہ کے لئے خاص ہوتے ہیں بلکہ عوام بھی ان کے لئے اچھی رائے رکھتے ہیں اس کے لئے موصوف مزدوروں کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ بلکہ انہیں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)

جامعہ تربت: اسپرنگ 2027 داخلوں کے لیے صرف دو دن باقی

تربت (آن لائن) جامعہ تربت میں تعلیمی سال 2027 اسپرنگ سیشن کے لیے انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ سطح کے 64 سے زائد تعلیمی پروگراموں میں داخلے کے لیے صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق، داخلہ فارم یونیورسٹی کی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7پر)

بارکھان پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری

ٹرک کی خفیہ خانوں سے 29 کلو 600 گرام چرس جبکہ 7 کلو 55 گرام آئس/شیشہ برآمد

بارکھان (خ ن) ڈی آئی جی کوہ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات اور ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایت پر بارکھان پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈی ایس پی رکھنی جہانزیب مینگل کی نگرانی میں ایس ایچ او رکھنی ایس آئی تو قیر شاہ نے پولیس پارٹی کے ہمراہ نیشنل ہائی وے پر دوران چیکنگ ٹرک نمبر TKB/147 کو روک کر تلاشی لی۔ پولیس کے مطابق ٹرک میں بنائے گئے خفیہ خانوں سے 29 کلو 600 گرام چرس جبکہ 7 کلو 55 گرام آئس/شیشہ برآمد کیا گیا۔ پولیس نے برآمد شدہ منشیات قبضے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

مسلم لیگ (ن) کے ایم پی اے زرک خان مندوخیل نچاری لوہاری محلہ میں خواتین کے مسائل سن رہے ہیں

کوئٹہ آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کے صوبائی صدر حاجی رمضان اچکزئی بلوچستان لیبر فیڈریشن کے خان زمان کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا جارہا ہے

مملکت خداداد میں اسلامی نظام کا نفاذ ناگزیر ہوچکا ہے، سید حبیب اللہ شاہ چشتی

ہمیں نظام مصطفیٰ ﷺ پر عمل پیرا ہوکر اپنی دنیا اور آخرت کو سنوارنا چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے جید علماء کرام اور سادات سید حبیب اللہ شاہ چشتی، جنید شاہ، عرفان شاہ، حاجی طالب حسین فریدی، علامہ شہزاد مدنی، علامہ سعد احتشام سمیت دیگر نے کہا ہے کہ جب تک ملک میں نظام مصطفیٰ اور سنت رسول ﷺ کا نظام قائم نہیں ہوتا اس وقت تک ملک اور قوم کو افراتفری اور بے سکونی سے چھٹکارا نہیں مل سکتا اس لئے ہمیں سنت رسول ﷺ اور نظام مصطفیٰ ﷺ پر عمل پیرا ہوکر ملک اور قوم کی بہتری اور استحکام کے لئے کام کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں مصطفیٰ ویلفیئر اور نیکی